مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

ستمبر 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفہ روحانیات

زائچہ حلف برداری وزیر اعظم عمران خان

06 ستمبر 1965ء کا جوش وجذبہ

محرم الحرام وجہ

عرس فرید الدین گنج شکرؒ

جنات کی روحانی واردات

اعمال شرف عطارد

لوح فتح خاص

آسان عملیات

وظائف وسعت رزق

تحفہ روحانیات کا ویلس ایپ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

عملیات پر صدیوں پرانی

نایاب ونادر قلمی بیاضیں

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطہ بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت 1355ء
سراج الرمل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سارمالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کھلی کی نایاب تخلیق امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی قواعد جوتش لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی سوال کا جواب جوتش سے لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی ویت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھئے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (شاہ اللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا آسان حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر:۔ پی آر ورما
حب مربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ الانوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ان اللہ علی کل شئ قدیر

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

جلد نمبر 14 ستمبر 2018ء شمارہ نمبر 03

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل — عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش

شہزاد رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
محرم الحرام، وحی	3	وظائف وسعت رزق	27
عرس فرید الدین گنج شکرؒ	4	سیارگان کی نحوست	28
اسرار غیبی	6	تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ	30
6 ستمبر 1965ء کا جوش و جذبہ	8	بدہضمی کا دستی علاج	33
جنات کی روحانی واردات	10	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	34
زائچہ خلف برداری وزیر اعظم	13	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	16	روزانہ کے لکی نمبر	41
اوقات شرف عطارد	19	ستمبر کے لکی نمبر	42
لوح فتح خاص	20	پیغامات	45
رجعت حروف صوامت کا توڑ	21	آپ کی ڈاک	46
شرف عطارد	22	کوپن	48
آسان عملیات	24	☆☆☆	☆

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار " اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

محرم، زکات سورۃ مزمل

طریقہ اول :۔ 3 محرم سے بعد نماز فجر اول آخر درود مزمل 21 بار سورۃ مزمل 21 بار پڑھیں۔ مدت عمل 21 یوم ہے بعد ادائیگی زکات روزانہ 3 بار سورۃ مزمل اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔ بعد ادائیگی زکات کسی بھی مسئلہ کے حل کیلئے خلوت میں با آواز سورۃ مزمل 36 بار پڑھی جائے۔ مدت عمل 3 تا 7 یوم ہے۔ حد مدت عمل 21 یوم ہے۔ دوران عمل گناہ کبیرہ و صغیرہ سے ہر لحاظ سے بچا جائے۔

طریقہ دوئم :۔ 6 محرم کو قبل نماز فجر اول آخر درود شریف 72 بار کے بعد 72 سورۃ مزمل پڑھی جائے اور اس کا ثواب شہیدان کربلا کو پہنچائیں 10 محرم تک اسی طرح پڑھی جائے یہ زکات کا پانچواں دن ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے سورۃ مزمل کی روحانیت صاحب عمل کے ساتھ مکمل ایک سال تک رہے گی۔ اگلے سال عمل تجدید کی جائے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ہر جائز خواہش پوری ہوگی۔ روزانہ مداوت 5 بار کی جائے۔

محرم الحرام وحی

تاریخ کے آئینے میں

تحریر:۔ ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کو تخلیق فرمایا، جہاں انواع واقسام کے حیوانات، نباتات اور جمادات پیدا فرمائے وہاں کائنات کی تنظیم کے لیے بھی کئی قسم کے معاملات اور نظاموں کو مرتب فرمایا۔ وقت کی پیائش کے لیے، زمین وآسمان کی تخلیق کے دن سے ہی بارہ مہینوں کو مقرر فرمایا جن میں سے چار مہینوں کو حرمت والا قرار دیا۔ ان مہینوں میں سے ایک مہینہ محرم الحرام بھی ہے۔ محرم الحرام میں روزے رکھنے کا ثواب رمضان المبارک کے بعد باقی تمام مہینوں سے زیادہ ہے اور اس مہینے کی نویں اور دسویں تاریخ کو روزہ رکھنے سے اللہ تعالیٰ انسان کے گزشتہ ایک برس کے گناہ معاف فرمادیتے ہیں۔

محرم الحرام میں تین اہم واقعات رونما ہوئے جن میں سے ہر ایک اپنی جگہ پر نمایاں اہمیت کا حامل ہے۔ پہلا واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کا فرعون کے ظلم سے نجات کا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے اولوالعزم پیغمبر ہیں جنہوں نے توحید کی سربلندی کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ عام طور پر حق پرستوں کا ٹکراؤ وقت کے جابر حکمرانوں، ان کے حاشیہ بردار وزیروں اور مشیروں سے ہوتا ہے یا جاگیرداروں اور سرمایہ داروں سے ان کا مقابلہ ہوتا ہے۔ حق پرست لوگ اقتدار، جاگیر اور سرمائے کی چکاچوند سے متاثر ہوئے بغیر حق کی پاس داری کا فریضہ انجام دیتے ہیں لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ انسان کا مقابلہ یا ٹکراؤ بیک وقت ان تمام عناصر سے ہو۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بیک وقت ان تمام عناصر کے مقابلے میں مبعوث فرمایا۔ آپ علیہ السلام نے فرعون کی رعونت، ہامان کے منصب، شداد کی جاگیر اور قارون کے سرمائے کا مقابلہ کیا اور ہر ایک کے مقابلے میں حق پر پوری طرح کاربند رہے۔

موسیٰ علیہ السلام فرعون اور اس کے قبیلے کے لوگوں کو توحید کی دعوت دینے گئے تو فرعون نے اس موقع پر اپنی قوم کے لوگوں کو مخاطب ہوکر کہا کہ کیا میرے پاس مصر کی حکومت نہیں ہے اور مصر کے دریا میرے نیچے سے نہیں بہتے؟ کیا میں بہتر ہوں یا (معاذ اللہ) یہ کم حیثیت والے موسیٰ علیہ السلام کہ جن کو بولنے میں بھی دشواری ہے۔ ان کے پاس سونے کے ڈھیر کیوں نہیں اور فرشتے ان پر پرے باندھ کر کیوں نہیں اترتے؟ فرعون نے اپنے اس استدلال باطل سے بنی اسرائیل کے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرلیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کو ٹھکرانے کی وجہ سے فرعون کو پہ در پے عذابوں کا سامنا کرنا پڑا۔ فرعون اور اس کے قبیلے والوں پر کبھی جوؤں، کبھی ٹڈیوں، کبھی خون کی بارش، کبھی اُمڈتے سیلابوں کا عذاب آیا۔ جب بھی اللہ تعالیٰ کا عذاب فرعونیوں کو ہلاک کرنے کے قریب ہوتا فرعون، موسیٰ علیہ السلام سے سمجھوتہ کرنے پر تیار ہوجاتا اور ان سے عرض کرتا کہ آپ اپنے پروردگار سے دعا کیجئے کہ وہ عذاب کو ہم سے ٹال دے، تو ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئیں گے۔ جب اس سے عذاب کو ٹالا جاتا تو وہ دوبارہ کفر اختیار کرلیا؛ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے ضعیف اور کمزور لوگوں کے ساتھ فرعون کے علاقے سے ہجرت کرنے کا حکم دیا۔ راستے میں آنے والے سمندر کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے قبیلے والوں کے لیے کھول دیا اور سمندر کے دو حصوں میں تقسیم ہونے کی وجہ سے موسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں اور پیروکاروں کے ساتھ باآسانی فرعون کے علاقے سے نکل گئے۔ جب فرعون کو اس بات کی اطلاع ملی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے لوگوں کے ساتھ علاقے کو خیرباد کہہ رہے ہیں تو فرعون نے بھی اپنے لشکر اور حواریوں کے ہمراہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعاقب کیا۔ جب فرعون کا لشکر سمندر کے درمیان میں پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے سمندر کی لہروں کو آپس میں ملا دیا اور فرعون سمندر میں غوطے کھانے لگا۔ اس وقت اس نے کہا کہ میں ایمان لایا اس اللہ پر جس پر بنی اسرائیل کا ایمان ہے اور میں بھی مسلمان ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر فرعون کی توبہ کو مسترد کردیا اور اس کو غرق آب کرکے اس وجود کو ہمیشہ کے لیے نشان عبرت بنادیا تاکہ رہتی دنیا تک الوہیت کے جھوٹے دعویدار کے انجام کو دیکھ کر دنیا عبرت حاصل کرتی رہے۔

حضرت موسیٰؑ اور ان کی قوم کو فرعون کے ظلم سے نجات دس محرم الحرام کو ہوئی جس کی یاد منانے کیلئے یہودی دس محرم کا روزہ رکھا کرتے تھے۔ نبی کریمؐ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اپنی نسبت کا اظہار کرنے کیلئے 10 تاریخ کے ساتھ 9 تاریخ کے روزے کو بھی ملالیا اور اس روزے کو گزشتہ برس کے گناہوں کا کفارہ قرار دے دیا۔ (بقیہ صفحہ نمبر 9 پر)

عرس فرید الدین گنج شکرؒ

تحریر: سید منصور علی شاہ (حیدرآباد)

☆05محرم الحرام 665ھ کو وفات پانے والے کا فیضان آج760برس بعد بھی جاری ھے۔

☆ہر قسم کی طاقت پہ عبور رکھنے کے باوجود بھوک اور پیاس میں زندگی بسر کی۔

☆مرشد کے حکم کی تعظیم اور نفسانی خواہشات کو کچل کر اتنا عظیم مرتبہ حاصل ہوا۔

آپ حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کے خلیفہ اور خواجہ اجمیری سے فیض یافتہ تھے۔ حضرت خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ بہت ہی باکمال تھے اور اپنے وقت کے ریاضت، مجاہدہ فقر اور ترک دنیا آپ کے محبوب ترین مشغلے تھے۔ آپ کشف و کرامات کی علامت اور ذوق و محبت کی درخشندہ نشانی تھے۔ ہمیشہ سروخفی میں کوشاں رہتے۔ خود کو لوگوں کی نظروں سے چھپائے رکھتے اور ایک شہر سے دوسرے شہر کی جانب کوچ فرماتے رہتے۔ آخر کار ''اجودھن'' (موجودہ پاک پتن) تشریف لائے یہاں کے رہنے والے تند خو، ظاہر پرست اور خاص کر فقیروں اور درویشوں کے دشمن تھے۔ آپ نے اس جگہ پہنچ کر فرمایا کہ یہ مقام میرے رہنے کے لئے مناسب ہے، چنانچہ وہیں رہنے لگے آپ کا یہاں پر کوئی پُرسان حال نہ تھا۔ قصبہ کے باہر کریر کے درخت تھے آپ ان میں سے ایک گھنے درخت کے نیچے بیٹھ کر یادالٰہی میں مشغول ہو گئے اور یہاں کی مسجد میں اکثر و بیشتر نماز پڑھتے اور عبادت کرتے۔ پاک پتن شریف میں آپ نے فاقے کئے اور یہیں مجاہدے اور ریاضت کی صعوبتوں کو برداشت کرتے رہے۔ چونکہ آپ زبردست روحانیت کے مالک تھے۔ اس لئے پوشیدہ نہ رہے۔

ایک دفعہ آپ کا زیب تن لباس پارہ پارہ اور بوسیدہ ہو گیا ایک شخص آپ کی خدمت میں کرتہ لایا۔ آپ نے وہ کرتہ زیب تن فرمایا۔ پھر فوراً ہی اُتار کر شیخ نجیب الدین المتوکل کو دے دیا اور فرمایا کہ جو لطف اور سُرور مجھے اس پُرانے کُرتے میں ملتا ہے وہ نئے کُرتہ میں نہیں آتا۔

حضرت نظام الدین اولیاء فرمایا کرتے تھے کہ شیخ فرید الدین گنج شکرؒ اکثر و بیشتر زنبیل کی روٹی کھایا کرتے تھے اور افطار کے وقت زنبیل میں سے ایک دو ٹکڑے لازماً آپ کے سامنے لائے جاتے تھے۔ شیخ فرید الدین محمود کا بیان ہے کہ میں نے ایک بڑی مدت تک شیخ فرید الدین گنج شکرؒ کی زنبیل گردانی کی ہے اور نظام الدین اولیاء کی خدمت میں حاضری دیتے وقت کئی مرتبہ کہا ہے کہ ہم جس رات شیخ گنج شکرؒ کے ہاں دلیہ یا کریر کے پھول پیٹ بھر کر کھا لیتے اس دن ہماری عید ہو جاتی۔ ان تمام اللہ کے درویشوں نے یہی معمولی سی غذا کھا کر اتنے اعلیٰ اور بلند ترین مقامات حاصل کئے ہیں۔ شیخ فرید الدین گنج شکر کا ایک خدمت گار ایک دن ایک پیسے کا نمک اُدھار لے کر آیا جب اس نے کھانا پکا کر شیخ کے پاس بھیجا تو آپ کو باطنی نور کے ذریعہ معلوم ہوا تو نوکر سے فرمایا کہ اس کھانے سے ضیافت کی بو آرہی ہے میرے لئے یہ کھانا جائز نہیں چنانچہ وہ کھانا واپس کر دیا اور بغیر کچھ کھائے پیئے سو گئے۔ ایک دفعہ آپ کی بیوی نے آپ سے آکر عرض کیا کہ ایک لڑکا بہت سخت بیمار ہے اور بھوک کی شدت سے مر رہا ہے۔ شیخ گنج شکر نے سر اُٹھا کر جواب دیا کہ مسعود کیا کرے اگر موت آجائے اور بھوک سے مر جائے اور دُنیا سے سفر کر جائے تو اس کے پاؤں میں رسی باندھ کر باہر پھینک دو۔ یہ بیوی کے ذہن کا علاج تھا کہ اسے ہر جانب سے مایوس کر کے اللہ کی جانب متوجہ کرنا تھا۔

شیخ فرید الدین گنج شکرؒ نے جب مجاہدہ کرنا چاہا تو اس سلسلے میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ سے عرض کرتے ہوئے آپ نے فرمایا طے کا روزہ رکھو (طے کا روزہ وہ ہوتا ہے جس میں افطار صرف پانی سے کرتے ہیں) اور کم از کم تین دن کا ہوتا ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک سال۔ چنانچہ شیخ گنج شکرؒ نے طے کے روزے رکھنا شروع کر دیئے۔ اور تین روز تک کچھ نہ کھایا۔ تیسرے روز افطار کے وقت ایک آدمی نے آپ کے سامنے چند روٹیاں لا کر رکھیں۔ آپ سمجھے کہ غیب سے آئی ہیں اور انہیں روٹیوں سے افطار کیا لیکن پیٹ نے انہیں قبول نہیں کیا اور کھایا پیا تمام باہر آگیا۔ آپ نے یہ واقعہ پیر و مرشد سے کہا تو اُنہوں نے فرمایا کہ اے مسعود! تم نے تین روزے رکھنے کے بعد ایک شرابی کا کھانا کھایا لیکن اللہ کی عنایت نے تمہاری دست گیری فرمائی کہ تمہارے معدے میں اس غذا کو رہنے نہ دیا۔ اب جاؤ اور پھر تین

یوم طے کا روزہ رکھو اور غیب سے جو کچھ ملے اس کو کھا کر گزر کرو۔ چنانچہ شیخ گنج شکرؒ نے پھر تین دن طے کا روزہ رکھا اور شام کو کوئی کھانا میسر نہ ہوا۔ یہاں تک کہ رات کا پہر آ گیا اور کمزوری بڑھ گئی، بھوک کی شدت سے بدن جلنے لگا۔ اس عالم بے تابی میں آپ نے ہاتھ بڑھا کر زمین سے کچھ سنگریزے اُٹھا کر منہ میں ڈالے تو وہ شکر کی طرح میٹھے ہو گئے۔ آپ کو فوراً خیال آیا کہ ہو سکتا ہے یہ بھی شیطانی کرشمہ ہو اس لئے ان سنگریزوں کو تھوک دیا اور پھر یادِ الٰہی میں مصروف ہو گئے جب آدھی رات ہو گئی تو کمزوری پہلے سے بھی زیادہ بڑھ گئی، آپ نے پھر زمین سے کچھ سنگریزے اُٹھا کر منہ میں ڈال لئے وہ پھر شکر بن گئے۔ آپ نے انہیں بھی تھوک دیا، آپ نے تین مرتبہ اس طرح کیا اور ہر مرتبہ یہی کرامت ظاہر ہوتی رہی تو یقین ہوا کہ یہ نعمت خداوندی ہے اس لئے انہیں کھا لیا، پھر دوسرے روز خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی خدمت میں حاضری دی، پیر و مرشد نے فرمایا کہ اچھا کیا جو سنگریزوں سے افطار کیا وہ غیب سے آئے تھے۔ اب جاؤ شکر کی طرح ہمیشہ شیریں رہو گے۔ اس دن سے شیخ فرید الدین مسعود کو لوگ گنج شکرؒ کہتے ہیں۔ آپ کے گنج شکر ہونے کی وجہ تسمیہ کا ایک واقعہ یہ بھی مشہور ہے کہ کچھ سوداگر شکر لے جا رہے تھے۔ شیخ فریدؒ نے ان سے کچھ شکر مانگی، اُنہوں نے کہا کہ شیخ آپ کو مغالطہ ہوا ہے ہمارے اونٹوں پر شکر نہیں بلکہ نمک ہے۔ شیخ فریدؒ نے فرمایا (نمک ہی ہو گا) سوداگروں نے اپنی منزل مقصود پر پہنچنے کے بعد جب مال کھولا تو وہ واقعی نمک ہی تھا وہ سمجھے کہ شیخ کی بددُعا سے ایسا ہوا اس لئے دوڑے دوڑے شیخ کے پاس آئے اور عرض کرنے کہ واقعتاً ہم سے غلطی ہوئی آپ اسے معاف فرمائیں اور دُعا کریں کہ وہ شکر ہو جائے، آپ نے فرمایا کہ شکر ہو جائے گا چنانچہ وہ نمک پھر سے شکر ہو گیا۔

خان خاناں نواب محمد بیرم خان بڑے صاحب جاہ و جلال اور مراتب علیا پر فائز ہونے کے باوجود فقیروں اور درویشوں سے اچھا سلوک کیا کرتے تھے اور اَمر خداوندی کی تعظیم کے پیش نظر مخلوق خدا پر مہربانی اور شفقت کے کامل مجسمہ اور پیکر تھے وہ دنیا کی زندگی نیک بختی سے گزار گئے اور دُنیا سے شہادت کی موت پا گئے کے مصداق تھے، وہ اس واقعہ شکر و نمک کے بارے میں فرماتے ہیں۔

کان نمک جہان شکر شیخ بحرو بر
آں کز شکر نمک کند داز نمک شکر

یعنی نمک کی کان، شکر کا خزینہ۔ بحرو بر کا شیخ وہ ہے جس نے شکر کو نمک اور نمک کو شکر بنا دی۔ (رباعی)

کان نمک و گنج شکر شیخ فرید
کز گنج شکر کان نمک کرد پدید
در کان نمک کرد نظر گشت شکر
شیریں ترازیں کرامئے کس نشنید

(نمک اور شکر کا خزانہ شیخ فرید ہیں جنہوں نے شکر کے خزانے کو نمک کی کان سے تبدیل کر دیا اور نمک کی کان کو ایک ہی نظر میں شکر بنا دیا۔ اس سے زیادہ بہتر کرامتیں کسی اور کی سننے میں نہیں آئیں)

غرضیکہ شکر کو نمک اور نمک کو شکر بنانے کے بعد آپ نے مقام ''اُچہ'' میں جا کے جامع مسجد میں معکوس کھینچا، ایک دن با جماعت عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد بے ہوش ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد جب ہوش میں آئے تو حاضرین سے پوچھا کہ کیا میں نے عشاء کی نماز پڑھ لی ہے، لوگوں نے کہا جی ہاں! آپ نے فرمایا ایک مرتبہ اور پڑھ لوں پھر کون جانے کیا ہو گا۔ چنانچہ آپ نے دوسری مرتبہ پھر عشاء کی نماز پڑھی اور اس کے بعد پھر بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش آیا تو پوچھا کیا میں نے عشاء کی نماز پڑھ لی ہے؟ لوگوں نے جواب دیا کہ آپ اس سے پہلے دو مرتبہ پڑھ چکے ہیں، آپ نے فرمایا ایک مرتبہ اور پڑھ لوں، پھر معلوم نہیں کیا ہو۔ غرضیکہ آپ نے تیسری بار بھی عشاء کی نماز پڑھ لی اور نماز پڑھنے کے بعد ''یا حی یا قیوم'' کہتے ہوئے جان جان آفریں کے سپرد کی۔

بابا فرید الدین گنج شکرؒ نے اپنی زندگی کے اُنسٹھ برس پورے کر کے 5 محرم الحرام 665 ہجری میں وفات پائی۔ حضرت گنج شکرؒ کے بعض ملفوظات خواجہ نظام الدینؒ اولیاء کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ملے ہیں۔ جن میں لکھا ہوا ہے کہ چار چیزوں کے بارے میں سات سو مشائخ سے سوال کیا گیا تو سب نے ایک ہی جواب دیا۔

(1) گناہوں کو چھوڑ دینے والا ہی سب سے زیادہ عقل مند ہے۔
(2) دانا اور حکیم آدمی وہ ہے جو کسی چیز پر غور نہیں کرتا۔
(3) قناعت کرنے والا ہی سب سے زیادہ مال دار اور غنی ہے۔
(4) تارک قناعت ہی سب سے زیادہ محتاج اور غریب ہے۔

پشاور اور اسے کے گرد و نواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گرد و نواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

اسرار غیبی

تحریر:۔ ابوالحسن موسوی (اسلام آباد)

حضرت اہل بیت اطہار علیہم السلام کا دروازہ اتنا عظیم ہے کہ جب بھی کوئی سوالی سوال کرے یہ فوراً عطا فرماتے ہیں۔ نام نہاد پیروں اور تعویذ نویسوں کے پاس جا کر وقت اور رقم برباد کرنے کی بجائے کیوں نہ اس باب رحمت پر دستک دیں۔ صالحین نے مجربات بیان کئے ہیں۔ آپ بھی ان خزائن نورانیہ سے استفادہ کرلیں۔

زیارت عاشورہ

اگر دس دن بلاناغہ نماز تہجد کے بعد اور فریضہ فجر سے پہلے زیارت عاشورہ پڑھے اور اس کا ثواب حضرت سیدنرجس خاتون سلام اللہ علیہا مادر گرامی حضرت الزمان علیہ السلام کو ہدیہ کرے تو کام کیسا ہی مشکل کیوں نہ ہو جلد ہو جائے گا۔

توسل حضرت امام البنینؑ

شب بدھ سے شروع کرنے اور چودہ شب مسلسل ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر اس کا ہدیہ حضرت مولا عباسؑ کی والدہ گرامی سیدہ اُم البنین سلام اللہ علیہا کی روح مقدس کو پیش کرے۔ اور مخدومہ عالیہ سے مدد طلب کرے۔ تو یقین جانیے باب الحوائج حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام کی مادر گرامی وہ عطا فرمائیں گی کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔

باب الحوائج حضرت علی اصغرؑ

دو رکعت نماز اور سات مرتبہ سورۃ یٰسین، سات مرتبہ سورۃ رحمن اور ہزار مرتبہ صلوات حضرت سیدہ اُمّ رباب علیہا السّلام کے حضور ہدیہ کر کے پھر اسی طرح دو رکعت نماز اور سات مرتبہ سورۃ یٰسین اور سورۃ رحمن اور ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت مولا علی اصغر علیہ السلام کو ہدیہ کرے یہ عمل دوپہر کو یا رات کو زیر آسمان سر برہنہ کرے پھر سات قدم آگے بڑھ کر روتے ہوئے مولا علی اصغر علیہ السلام سے مدد حاجت طلب کرے۔ اولیاء صالحین فرماتے ہیں کہ مولا علی اصغر علیہ السلام سے مدد مانگنے والا کبھی بھی ناکام نہیں ہوا۔ ضرور حاجت پوری ہوتی ہے جس دن عمل کرے چھوٹے بچوں میں دودھ اور مٹھائی تقسیم کرے مولاؑ کی نیازی لازمی ہے۔

لنگر امام

رفع مشکلات فراخی رزق اور صحت تمام امور مہمہ کے لئے شب جمعہ حدیث کساء کے بعد ذکر مصائب وداع خیام سید الشہداء علیہ السلام کرے۔ اور اس محفل پاک میں کم از کم دس مومن ضرور شریک ہوں، پاک صاف کمرے میں بخورات روشن کر کے یہ محفل منعقد کریں اور حدیث کساء ذکر مصائب دعا کے بعد مومنین کو کھانا دیں ان شاء اللہ چند دنوں میں فراخی رزق ہو جائے گی۔

مجلس شبیہ پیغمبرؐ

کسی اہم حاجت کے لئے منت مانیے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام کی مجلس کراؤں گا۔ جس میں صرف شہزادہ علی اکبرؑ کا ہی ذکر فضائل و مصائب بیان ہو گا۔ ایک دنبہ حضرت کے نام کروں گا میرا فلاں کام ہو جائے۔ اس کے بعد جلد ہی مجلس کا اہتمام کرے۔ جس میں ذاکر صرف حضرت علی اکبر علیہ السلام کے فضائل و مصائب بیان کرے۔ مصائب کے دوران حاجت طلب کرتا رہے اور مسلسل گریہ کرتا رہے مصائب کے اختتام پر دعا مانگے نوحہ و ماتم علی اکبر علیہ السلام کے بعد شرکائے مجلس میں لنگر (کھانا) تقسیم کر کے تمام عزادار بیٹھ کر تناول کریں ان شاء اللہ آپ ضرور مقصد حاصل کریں گے۔

حاجت پوری ہو

ایسی حاجت جو نہایت دشوار ہو اور سبیل نظر نہ آتی ہو آپ حضرت شہزادہ قاسم ابن حسن علیہ السلام کے ولیمہ کی منت مانیں پھر ۱۴ سادات و مومنین (کل چودہ افراد) کے گھر جا کر انہیں ان الفاظ میں دعوت دیں کہ میں نے حضرت قاسم علیہ السلام کربلا کے دولہا کا ولیمہ پکایا ہے۔ آپ کو دعوت ہے پھر حسب استطاعت کھانا پکا کر پاکیزہ جگہ رکھ کر سات مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ ھواللہ پھر سات مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کا ہدیہ شہید مظلوم حضرت قاسم ابن امام حسن علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے اور دعوت

پر آئے لوگوں میں تقسیم کرے، مگر خود اور اپنے اہل خانہ کو ساتھ نہ کھلائے ۔جب لوگ دعوت ولیمہ کھا کر چلے جائیں ۔تو بچا ہوا کھانا سامنے رکھ کر حضرت قاسم علیہ السلام کا مرثیہ عروسی پڑھے ۔پھر دعا مانگے یا حضرت صدیقہ اکبری سیدہ فاطمہ زہرہ اسلام اللہ علیہا میں نے آپ کے پوتے امام حسن مجتبی علیہ السلام کے یتیم اور حضرت امام حسن علیہ السلام کے داماد حضرت قاسم علیہ السلام کا ولیمہ پکایا ہے ۔جس کا ولیمہ کربلا والے نہ کر سکے مخدومہ اس کو قبول فرمایئے اور میری حاجت ہے (اپنی حاجت بیان کر) اس کو پورا فرمائے ان شاء اللہ جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل المشکلات

صالحین نے بیان کیا ہے اور خود راقم السطور کو پانچ مرتبہ اس نذر سے فیض یاب ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔

۱۔ جب کوئی چیز گم ہو جائے۔

۲۔ کسی اہم کام میں رکاوٹ ہو۔

۳۔ بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ ہو۔

۴۔ کسی سے کام ہو اور ولیت ولعل کر رہا ہے۔

۵۔ نوکری کو مسئلہ ہو غرض ہر کام کے لئے راقم السطور نے اسے مجرب پایا ہے۔

وہ عظیم الشان نذر ہے فرزندان حضرت مسلم بن عقیل یعنی شہزاد محمد ابراہیم علیہما السلام کوئی میٹھی چیز حسب استطاعت لے کر اس پر الحمد سات مرتبہ سورہ قدر سات مرتبہ سورۃ توحید سات مرتبہ اور اول و آخر ۱۱۰ مرتبہ درود شریف پڑھ کر شہزادہ مظلوم محمد بن مسلم اور شہزادہ مظلوم ابراہیم بن مسلم علیہم السلام کی روح اقدس کو ہدیہ کرے اور غروب آفتاب کے وقت چوراہے پر کھڑے ہو کر وہی سورتیں دوبارہ شہیدان کوفہ کے حضور ہدیہ کرے اور حاجت مانگے اسے کمسن شہزادہ آپ کو اپنی عظمت شہادات کا وسطہ (یہ حاجت) پوری کریں پھر وہ مٹھائی یا میٹھی چیز چوراہے پر ہی بچوں میں تقسیم کر دیں ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ عشاء کی نماز سے پہلے قبولیت کی خبر نشانی مل جاتی ہے خواہ فون آجائے یا پیغام آجائے۔

ہر جائز حاجت پوری ہو

عندالحاجات جمعرات کے روز سے شروع ہو کر سات دن تواتر کے ساتھ ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین اول و آخر ۱۱۰ مرتبہ درود شریف طلوع فجر سے پہلے اور اس کا ہدیہ امام ہشتم امام علی رضا علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے جلد کشائش ہوتی ہے آخری دن کچھ تبرک تیار کرے اور بچوں میں تقسیم کرے مجرب ہے۔

عمل ثانی کشائش مالا مال

اگر حاجت مند ہر روز رکعت نماز حضرت فاطمہ، بنت موسیٰ بن جعفر علیہما السلام پڑھے ۔پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین اور آخر میں مخدومہ کی زیارت پڑھے ۲۸ دن کے اندر دامن مراد پر ہوتا ہے مگر عمل ۴۱ دن پورا کرے۔

ہر مشکل کیلئے اس نورانی شعر کو کم از کم اسی مرتبہ پڑھیں۔

خاتمہ مشکلات

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار
"لافتیٰ الاعلی لاسیف الا ذوالفقار"

اگر اس شعر کو حضرت سید علی علیہ السلام کے اعداد ۱۱۰ کے مطابق ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھ کر اول و آخر ۱۱۰ مرتبہ درود شریف ۱۱۰ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر ۱۱۰ مرتبہ نورانی شعر کا دور کرے ان شاء اللہ جلد اثرات ظاہر ہوں گے۔ مداومت (تکرار) شرط ہے۔

حُب حلال

جمعہ کے دن غسل کر کے دو رکعت نماز حاجت پڑھے برائے حصول محبت فلاں پھر 7 دن تک ہر روز 246 نر تبہ سورۃ توحید با موکل اس طرح پڑھے۔

بسم اللہ لرحمن الرحیم قل ھو اللہ احد یا جبرائیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد و لم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد یا درد ائیل اجیونی ولین قلب فلاں بن (مطلوب کا نام لے والدہ) لی وسخرہ بحق کن فیکون ۔

آٹھویں دن 249 مرتبہ پڑھنا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اسی دوران مطلوب مکمل مسخر ہو جائے گا۔ صرف حلال کیلئے اجازت اگر حرام کرے گا جو عاقبت خرابی ہو اور دنیا میں شدید مصیبت میں مبتلا ہو جائیگا۔

نوٹ :۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ اتوار۔

+92-300-6351192
+92-333-6158193

6 ستمبر 1965ء کا جوش و جذبہ

تحریر:۔ اکرام سہگل

50 سال گزر چکے ہیں لیکن ابھی تک اس بات پر حیرت ہے کہ 6 ستمبر 1965ء کو بھارت نے بڑی حیرت انگیز زمینی کارروائی کی جن کا مقصد لاہور پر قبضہ کر کے سیالکوٹ سے گزرتے ہوئے گوجرانوالہ جانے والی سڑک کو کاٹنا تھا۔ یہ منصوبہ بندی یقیناً بڑی ذہانت کی آئینہ دار تھی تاہم بھارتی فوج کو پاک فوج کے جوانوں اور افسروں کے اس قدر شدید ردعمل کے بارے میں کوئی اندازہ نہیں تھا۔ دوسری طرف بھارتی فوج پر جوابی وار کیا گیا تو وہ اپنی بہت سی چوکیاں چھوڑ کر پسپا ہو گئے۔ 6 ستمبر 1965ء نے جنگ کی حرکیات (dynamics) ہی تبدیل کر کے رکھ دیں۔ یونٹوں اور فارمیشنوں کی جی ایچ کیو نے افراتفری میں ازسرنو تعیناتیاں کیں۔

سیالکوٹ نے جنگ عظیم دوم کے بعد ٹینکوں کی سب سے بڑی جنگ کا مشاہدہ کیا۔ بھارت کے ایک بکتر بند ڈویژن کو ایک اضافی بکتر بند بریگیڈ کی معاونت کے باوجود وہ چونڈہ میں ہماری نہایت مہین دفاعی لائنوں کو بھی نہ توڑا جا سکا۔ ہمارا آرمرڈ ڈویژن بی آر بی نہر کے اس پار جا کر کھیم کرن کے محاذ کے قریب نتھو والا سائفن پر پہنچ گیا جو کہ قصور کے نزدیک ہے۔

لیکن یہاں پر ایک حادثہ بھی ہو گیا جب ایک ٹینک پھسل کر اس پل پر جا گرا جسے ہمارے اگلے مورچوں پر موجود فوجی انجینئروں نے تعمیر کیا تھا۔ اس پل کو قدرے نقصان پہنچا۔ ہماری یہ حالت تھی کہ ہمارے بکتر بند دستے کو نہ پوری لاجسٹکس میسر تھیں اور نہ وافر بارود، نہ کافی پٹرول اور نہ ہی کوئی کمک پہنچ رہی تھی جس کی وجہ پیشرفت جاری نہ رکھی جا سکی۔ ہمیں صحرائی علاقے میں دشمن کے کافی بڑے رقبے پر قبضہ ہمارے انفنٹری یونٹس کی جانبازی اور شجاعت کے باعث ممکن ہوا۔

اس کے ساتھ ہی فضا میں پاکستان ایئر فورس نے تعداد میں کم طیاروں کے باوجود جس بہادری اور انفرادی شجاعت کی مثالیں قائم کرتے ہوئے دشمن کی فضائیہ پر حملے کئے وہ ورطۂ حیرت میں مبتلا کرنے والی تھیں۔ بہادری اور جانبازی کی انفرادی معرکہ آرائیاں کمال درجہ کی تھیں۔ صرف 48 گھنٹوں کے اندر ہی پی اے ایف نے ہواؤں پر اپنی بالادستی حاصل کر لی۔ پاکستان بحریہ جو کہ اپنے حجم میں بہت چھوٹی تھی وہ بھی حملے کے لئے تیار ہو گئی اور جنگ کے 17 دنوں میں نہایت بہادری سے دوارکا کی بندرگاہ پر حملہ کر کے بھارتی بحریہ کے بہت سے جہاز غرق کر دیے۔

آخر بھارت نے 1965ء میں ہمارے مشرقی بازو پر کیوں حملہ کیا؟ مشرقی پاکستان میں ہمارے صرف 4 انفنٹری بریگیڈ موجود تھے کیونکہ بعض افراد نے یہ شوشہ چھوڑ رکھا تھا کہ مشرقی پاکستان کے دفاع کی ذمے داری بھی مغربی بازو پر ہے۔ وہاں پر 14 ڈویژن کو بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا۔ جب ہمارا بہادر ایئر فورس اسکواڈرن حرکت میں آیا تو بھارت کے ہوائی حملے بند ہو گئے۔ تاشقند معاہدہ جنوری 1966ء کے اوائل میں ہوا جب کہ فائر بندی کے بعد بھی تاشقند معاہدہ ہونے تک توپ خانوں کے فائر کا تبادلہ وقفے وقفے سے جاری رہا۔

یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور ہماری مسلح افواج کے تین As یعنی ایئر فورس آرٹلری اور آرمر نے 1965ء میں پاکستان کو بچا لیا۔ یہ ہمارے نوجوان افسروں کی شجاعت، جوش و جذبہ تھا جس نے بھارت کے اتنے بھرپور حملوں کو سرحد پر روکے رکھا۔

اگر ہمارے انفنٹری کے بہادر اور جری جوان اس قدر استقامت کا مظاہرہ نہ کرتے تو بھارتی فوج کئی مقامات پر ان کی دفاعی لائن کو توڑ دیتی۔ اگرچہ ہمارے پاس جغرافیائی گہرائی نہیں تھی اس کے باوجود دشمن ہماری دفاعی لائن کو نہ توڑ سکا۔ بصورت دیگر پاکستان کے لئے حقیقی نقصان کا احتمال ہو سکتا تھا۔ اب 50 سال بعد ہمیں ایٹمی ہتھیاروں کی صلاحیت بھی میسر ہے جس کی بنا پر بھارتی مسلح افواج کی کثیر تعداد اور ہتھیاروں کے انبار کا بھی نہایت کامیابی سے مقابلہ بطریق احسن ممکن ہے۔

جوں جوں جنگ پھیلتی رہی بھارتی جرنیل ہمارے عارضی انتظامات کے باوجود سراسیمگی میں مبتلا ہو گئے لیکن افسوس کی بات ہے کہ ہمارا انتظامی فقدان آج بھی قائم ہے جس کے نتیجے میں بسا اوقات خاصا ابہام پیدا ہو جاتا ہے۔ لاہور اور سیالکوٹ سیکٹر کے بحران سے نمٹنے کے لئے ہمارے فوجی یونٹوں کو جی ٹی روڈ پر اوپر نیچے جانا پڑا۔ تاہم حالات ایسے تھے کہ جی ٹی روڈ پر معرکہ آرائیوں میں مصروف جنگ میں حقیقی کردار ادا کرنے سے قاصر رہے۔

میں 1965ء کی جنگ کا عینی شاہد ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ 1965ء کے وہ 17 دن میں نے پاکستان ملٹری اکیڈمی میں بسر کئے جب

کہ 32 ویں اور 33 ویں پی ایم اے لانگ کورس نے پوری شان و شوکت سے گریجوایشن پریڈ میں حصہ لیا جس کو 11 ستمبر کے دن پاک ایئر فورس کا فضائی تحفظ میسر تھا۔

یہاں سے کامیاب ہونے والے کیڈٹس کو فوری طور پر ٹرکوں پر بٹھا کر محاذ جنگ کی طرف بھیج دیا گیا جب کہ 34 ویں، 35 ویں اور 36 ویں پی ایم اے کے کورس کے کیڈٹس سڑک کے دونوں جانب کھڑے انھیں الوداع کر رہے تھے جن کی آنکھوں میں آنسو تھے کہ وہ کیوں ان میں شامل نہیں ہو سکے۔ جنہوں نے گریجویشن کر لی تھی ان میں سے درجنوں کو ان 12 دنوں کے دوران شہادت نصیب ہوئی جب کہ 23 ستمبر کو فائر بندی کا اعلان کر دیا گیا۔

نریندر مودی نے پاکستان میں یکجہتی کے خاتمہ کے لئے بھرپور کوشش کی اس کے برعکس بھارتی حکمران اپنے عوام میں جنگی جنون پیدا کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں تاکہ وہ ممکنہ جنگ کے لئے تیار ہو جائیں اور بڑھتے ہوئے داخلی مسائل سے ان کی توجہ ہٹ جائے۔ گویا جلد یا بدیر جنگ کا امکان موجود ہے۔

اس بات کو کوئی نہیں بھول سکتا کہ بھارتی وزیر اعظم لال بہادر شاستری نے اگست 1965ء کے وسط میں کھلے عام یہ دھمکی دی تھی کہ بھارت اپنی پسند اور اپنی مرضی کا جنگی محاذ جب چاہے کھول لے گا۔ لیکن ہم اس کی نیت کا صحیح اندازہ لگانے سے قاصر رہے۔ بھارتی چیف آف آرمی اسٹاف جنرل دلبر سنگھ نے پاکستان کو مختصر اور محدود جنگ کی دھمکی دی۔

1965ء کے برعکس اب ہمیں بھارت کی دھمکیوں کو نظر انداز کرنا نہیں چاہیے بلکہ اپنی تیاری کو مکمل رکھنا چاہیے۔ کوئی بھی جنگ نہیں چاہتا لیکن اگر کوئی جنونی شخص اس پر تلا ہوا ہے تب اسے پورا مزہ چکھا دینا چاہیے اور روایتی غیر روایتی ہتھیاروں کا ٹھیک ٹھیک استعمال کرنا چاہیے۔ کیا بھارتی عوام ان اقتصادی کامیابیوں کو منہدم ہوتا دیکھنے کے لئے تیار ہیں جو ان کے مذہبی جنونی اور متعصب سیاسی رہنما اپنی انا کی تسکین کے لئے اپنے عوام کو جنگ میں جھونک کر کرنا چاہتے ہیں؟

ہماری مسلح افواج بڑی کامیابی سے مذہبی اور سیاسی عسکریت پسندوں سے نبرد آزما ہو رہی ہیں اور اب انہوں نے بغیر کسی امتیاز کے احتساب کا عمل بھی شروع کر رکھا ہے۔ اب ہمارے عوام میں بھی 1965ء کی جنگ کا جذبہ از سر نو بیدار ہو چکا ہے جو گزشتہ 5 عشروں میں نہیں دیکھا گیا۔

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 دوپہر بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں 92-300-6351192+

بقیہ "تاریخ کے آئینے میں"

دوسرا اہم واقعہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا ہے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لخت جگر اور حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کے نور نظر تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کی تربیت خاتون جنت اور شیر خدا کے کاشانہ پر ہوئی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ آقا علیہ الصلوۃ والسلام کو والہانہ محبت اور پیار تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کئی مرتبہ نماز پڑھ رہے ہوتے تو سیدنا حسن و حسین رضی اللہ عنہما آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر پر چڑھ جاتے، آپ رکوع اور سجدے کو لمبا فرماتے تاکہ سیدنا حسن و حسین رضی اللہ عنہما کی دل شکنی نہ ہو۔ حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوانان جنت کا سردار قرار دیا۔ آغوش نبوت اور اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ایسے عظیم والدین کی تربیت نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو ہر اعتبار سے مثالی انسان بنا دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ شب زندہ دار، پرہیز گار اور غیرت مند شخصیت کے مالک تھے۔ آپ زندگی کے آخری لمحے تک نماز اور فرض داری کا بہترین التزام فرماتے رہے۔ آپ رضی اللہ عنہ ایک عظیم زندگی گزارنے کے بعد اس انداز میں دنیا سے رخصت ہوئے کہ شہادت کی خلعت فاخرہ کو زیب تن کر رکھا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کی شہادت اس انداز میں مقبول ہوئی کہ آج دنیائے اسلام کے ہر پیر و جواں کے دل میں آپ رضی اللہ عنہ کی محبت رچی اور بسی ہوئی ہے۔

محرم الحرام جہاں حرمت اور عظمت والا مہینہ ہے، وہیں اس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی استقامت، حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی عظمت کی داستان بھی جڑی ہوئی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کے نام لیواؤں کو اس مہینے میں اپنے اپنے رہنماؤں کے کردار کا مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے کردار کا جائزہ لینے کی بھی ضرورت ہے کہ کیا ہم انہی روایات کے امین اور پاسبان ہیں جن پر چلتے ہوئے یہ ہستیاں اس فانی دنیا سے رخصت ہوئیں، اگر تو ہمارا کردار ان کے کردار سے مطابقت رکھتا ہے تو ان کی داستانوں کو بیان کرنے کا ہمیں حق حاصل ہے، لیکن اگر ہمارے قول و فعل میں تضاد ہے تو جان لیجیے کہ سلف صالحین کے واقعات بیان کر کے ہم ان سے اپنی نسبت کو معتبر نہیں بنا سکتے، کہ اسلام داستان سرائی نہیں، قول و فعل اور اعمال و کردار میں مطابقت کا تقاضا کرتا ہے۔

قسط 34 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے و سفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم دوستو! سلسلہ روحانی مشاہدات کو مزید بڑھاتے ہیں۔

سابقہ کی طرح سورۃ الھب لکھ کر اس کے پیٹ میں بھی رکھ کر تینوں کو سیاہ دھاگہ سے سی دیا گیا اس جادوگر کا پتلہ انگیٹھی کے دائیں جانب گرم جگہ پر رکھا گیا۔ اب تینوں کیلئے ایک بار پھر 80 بار سورۃ الھب پڑھی گئی ترتیب وار یہ پتلے اپنے سامنے رکھے گئے اللہ کے کلام کا اثر دیکھیں کہ پڑھنے کے بعد جب دائیں ہاتھ سے اس جادوگر کا پتلہ دبایا گیا تو باقاعدہ طور پر اس پتلہ میں جسمانی حرارت موجود تھی اور دل کی دھڑکن بھی واضح طور پر سنی جاسکتی تھی۔

دوسرا پتلہ پھر ہاتھ میں اٹھایا تو اسکی بھی یہی کیفیت تھی۔

اور تیسرا پتلہ بھی اسی طرح سے جسمانی گرمی کے ساتھ دل کی دھڑکن موجود لئے بیٹھا تھا گویا اب وہ پتلے نہیں جیتے جاگتے انسان تھے۔

اللہ کا کلام عظیم تر ہے اور اس میں کہیں پر کوئی شک وشبہ نہیں اللہ کے کلام پر شک کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے اگر آپ حق پر ہیں تو اس قسم کے روحانی واقعات اور اسرار کا ظاہر ہونا کوئی عجیب بات نہیں اگر دل میں کہیں پر ذرا برابر کوئی شک وشبہ ہو تو سمجھیں کہ کامیابی کا دروازہ آپ نے خود بند کر دیا ہے۔

ہندو جادوگر کے پتلے کو آگ کے بہت قریب لایا گیا۔ سورۃ الھب کا ورد جاری تھا پہلے سے موجود 8 عدد سوئیاں تھیں تین سوئیاں اُسکے سر میں پیوست کر دی گئی تا کہ اُسکا دماغ کسی بھی قسم کی شرانگیزی سے باز رہے تین سوئیاں دل میں پیوست کر دی گئی تا کہ وہ انتقام کی آگ سے بھی باز رہے۔ دونوں ہاتھوں کو معافی کی صورت میں جوڑ کر باقی دو سوئیاں اُس کے ہاتھوں کے آر پار کر دی گئی اب سیاہ ڈوری سے اس پتلہ کو مکمل طور پر باندھ دیا گیا۔

آگ پر نیم کی لکڑیوں کا دھواں بند نہ ہونے دیا گیا اُس کڑوے دھوئیں میں اس پتلہ کو اچھی طرح گھمایا گیا بعد ورد سورۃ الھب ندا کی گئی کہ الٰہی تیرے کلام کی برکت سے اس جادوگر کے ہر قسم کے جادو اور شرانگیزی کو باندھ دیا گیا ہے بے شک تیری ذات سے بڑی کوئی ذات نہیں تیرے کلام سے بڑا کوئی کلام نہیں میری مدد فرما اور اسکی شیطانی قوتوں کو ہمیشہ کیلئے ختم فرما دے۔

اب دوسرے پتلہ کی باری تھی پہلے کی طرح سے اس پتلے کو بھی سوئیوں کے ساتھ پیوست کر کے سیاہ ڈوری سے باندھ دیا گیا اور دعا کی گئی کہ الٰہی تیرے کلام کی برکت سے اس شریر شخص کی تمام شرارتوں اور خباثتوں کو بند کر دیا گیا ہے کہ یہ دوبارہ کسی کا گھر برباد نہ کرے۔ آج کے بعد اس کا دل و دماغ اور زبان سورۃ الھب کی برکت سے بند کر دی ہے کہ یہ کسی بھی طرح اس قسم کی حرکتوں سے بعض رہے۔

تیسرے پتلے کو بھی پہلے کی طرح بند کیا گیا اور اس کیلئے بھی اسی طرح کی دعا کی گئی کہ الٰہی اس عورت کو راہ ہدایت فرما کہ یہ اپنے بچوں کو لے کر شوہر کے پاس پہنچ جائے اور ہمیشہ نیک سیرت بیوی کی طرح سے زندگی گزارے غیر مردوں کا پیچھا چھوڑ دے۔

یہ تینوں پتلے شیشے کے مرتبان میں بند کئے گئے اُسی وقت قبرستان جا کر ان کو الگ الگ جگہوں پر دفنا دیا گیا اُس جگہ سے کچھ مٹی اٹھائی گئی جہاں پر یہ لوگ مقیم تھے اُس دروازے کے سامنے اس مٹی کو پھینک دیا گیا۔

رہی بات ہندو جادوگر کی تو جس جگہ پر ہندو کا پتلہ دفن کیا گیا اُلٹے ہاتھ میں مٹی لے کر اُس کے گھر کا تصور کر کے اُڑا دی گئی۔

مراقبہ میں دیکھا گیا کہ وہ ہندو جادوگر بالکل بے بس اور بے سدھ بستر پر پڑا ہے ایسا کہ جیسے اُسکا سب کچھ ختم ہو گیا ہو۔

دوسری جانب یاسر اور اکرم کی بیوی بے چین تھے پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے جیسے اُنکا بہت بڑا نقصان ہو گیا ہو پتہ چلا کہ اُنہوں نے اُس ہندو جادوگر کو بہت بڑی رقم دی تھی کہ وہ کسی طرح ہمارے تمام قرآنی اعمال کو ختم کر دے۔ اللہ کے کلام کے سامنے ہندو جادوگر کو بھی شکست ہوئی اور وہ بے بسی کی تصویر بنے بیٹھا تھا۔

یاسر کی تمام چال اور پینترے اب ختم ہو چکے تھے اُسکی مالی حالت بھی کافی کمزور ہو گئی تھی اکرم کی بیوی سے جو رقم بھی لی وہ بھی ادھر اُدھر برباد کر بیٹھے تھے۔

تین روز بعد اکرم خوشی خوشی دوڑتا آیا کہنا لگا کہ شاہ صاحب معجزہ ہو گیا میں آپکا کیسے شکریہ ادا کروں اُس کے چہرے پر فاتحانہ چمک تھی۔ عرصہ بعد اُسکی یہ حالت دیکھی تو خوشی کا احساس ہوا۔

''میں نے کہا تھا نہ کہ اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے تم ہمت اور حوصلہ ہار گئے تھے لیکن اُس روز میں اللہ کی ذات سے مایوس نہ ہوا تھا۔'' اکرم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

''مجھے پتہ ہے کہ وہ سب سے بڑا کارساز ہے وہ کبھی اپنا نام لینے والوں کو اکیلا نہیں چھوڑتا ہم بیشک جتنے بھی گنہگار سیاہ کار ہوں وہ اُتنا ہی رحمٰن و

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 ادارہ روحانیات

رحیم وکریم ہے۔تم آرام سے پانی پیو اور بالکل تسلی سے بیٹھ کر مجھے بتاؤ کیا اچھی خبر اور کیا اچھی بات ہے۔'' گلاس میں پانی ڈالتے ہوئے اس سے کہا۔

شاہ صاحب! بات یہ ہوئی کہ آج صبح یاسر گھر آیا تھا آپ کو معلوم ہے کہ میں تو ویسے ہی 3 روز سے بہت پریشان تھا صرف آپ کے حوصلہ اور ہمت نے مجھے زندہ رکھا ہوا تھا۔وہ میری بیوی سے کچھ رقم طلب کر رہا تھا وہ اس بات پر اسرار کر رہی تھی کہ اب میرے پاس کچھ نہیں۔یاسر نے غصہ میں کہا کہ تمہاری وجہ سے میں نے اتنی بڑی رقم سادھو جی کو دی تمہاری ہی ضد تھی کہ ہر قیمت پر یہ کام کرواؤ اور کسی بھی طرح ہم اپنا جادو ختم کروائیں اور اُسکے بعد اکرم کو کنارے لگائیں۔رستے بالکل صاف ہو جائیں گے پھر ہم باقاعدہ طور پر اعلانیہ نکاح کر لیں گے۔مگر یہاں تو سادھو جی بھی الٹے پڑے ہوئے ہیں۔

میری بیوی نے اس کو جواب دیا کہ میرے پاس جو کچھ بھی سونا اور جمع پونجی تھی وہ سب کچھ تمہیں دے چکی ہوں تم یقین جانو میرے پاس اب کچھ نہیں ہے۔جس پر وہ طیش میں آ گیا اور کہا کہ تم جھوٹ بولتی ہو'یاسر نے ایک زوردار تھپڑ میری بیوی کو مارا جس کے بعد دونوں کے درمیان ہاتھا پائی ہو گئی ۔وہ غصہ میں گھر سے باہر نکل گیا۔اُس وقت سے وہ گھر پر بیٹھی رو رہی ہے۔

''اکرم تمہیں کہا تھا ناں کہ ہمت اور حوصلہ رکھو اب ہم اپنے کام کا دوسرا مرحلہ کرتے ہیں تم نے اب تک یہ نہیں بتایا کہ تمہاری بیوی اپنا گزر اوقات ان دنوں کس طرح کر رہی ہے۔''اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

شاہ صاحب،، بتایا تھا ایک بار پھر میں تفصیل سے بتا دیتا ہوں کہ بچوں کی خاطر میں اپنی تنخواہ کا بڑا حصہ اُسے دیتا ہوں جو کاروبار کر رہی تھی وہاں سے بھی اُسکی اچھی آمدنی تھی لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کا وہ کاروبار ختم ہو گیا تھا۔اب اُس نے یونیورسٹی اور کالجز کے قریب گرلز ہاسٹل ایگریمنٹ پر لیا ہوا ہے۔وہاں سے اُسکو اچھی آمدنی ہو جاتی ہے مگر میرے سننے میں یہ بھی آیا ہے کہ وہ 6 سے 7 لاکھ کی مقروض ہو چکی ہے۔

بس اب ہو گیا کام،،، اکرم تم ایک کام کرو کہ رات 8 بجے میرے پاس آؤ کوئی چیز دونگا وہ اُس گرلز ہاسٹل میں ڈال دینی ہے۔اکرم کو ہدایت دی

اس قسم کی عورت کے خیال میں ان کی سب سے بڑی طاقت اُس عورت کی کمائی ہوتی ہے اور اُسے اُسی پر ہی غرور ہوتا ہے لالچی قسم کے مرد ایسی عورتوں کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔اُن مردوں کو ایسی عورتیں اپنا ہمدرد سمجھ بیٹھتی ہیں۔ جب تک لالچی مرد ان عورتوں اس وقت تک جب تک ان سے ان کا مقصد پورا نہیں ہو جاتا،،، اور پھر تم نے گرلز کالج ہاسٹل کی بات بتائی یاسر کی خصلت دیکھ کر میں اور بھی چونک گیا ہوں۔اب میرا شک یقین میں بدل گیا ہے کہ وہ اب تک تمہاری بیوی کا پیچھا کیوں نہ چھوڑ رہا تھا۔بہر حال اب معاملات مکمل طور پر واضح ہیں تم میرے پاس رات 8 بجے آؤ۔

حسب وعدہ اکرم ٹھیک 8 بجے آ گیا اُس کے چہرہ پر خوشی کے آثار تھے مگر فکر بھی بہت تھی۔کہنے لگا کہ شاہ صاحب میں اندر سے بہت دُکھی ہوا ہوں اُس عورت نے صبح سے اب تک بچوں کو کچھ کھانے کیلئے نہیں دیا شام کے وقت بھی بچے اُس سے مانگ رہے تھے تو اُس عورت نے کہا فریج میں دیکھ لو جو کچھ ہے کھا لو وہ چادر اوڑھ کر پھر لیٹ گئی مجھے لگتا ہے کہ وہ اپنے کئے پر پچھتا رہی ہو گی۔مگر بچے ابھی تک بھوکے تھے کیونکہ فریج میں کھانے کو کچھ نہ تھا۔

''ہاں باپ باپ ہوتا ہے۔بچوں کی بھوک کہاں برداشت ہوتی ہے اب تم جلدی کرو یہ جو میں خاص قسم کی مٹی دے رہا ہوں بہت قیمتی ہے اسے مسان کہا جاتا ہے۔تمہیں معلوم ہے کہ اب تک سورۃ الھب سے کام لیتے آئے ہیں اس پر اب پھر 80 بار سورۃ الھب پڑھی گئی ہے تم 8 بار پڑھو مسان کو بائیں ہاتھ میں لے کر لیکن اس پر پھونک نہیں مارنی تمہیں معلوم ہے کہ پاک کلام ہے اب یہ مسان اُس گرلز کالج ہاسٹل کے داخلی دروازے پر پھینک دینا اور پھر کمال دیکھو''اکرم کو سمجھاتے ہوئے کہا

اُس نے وہ مٹی لی اور اُسی وقت منہ میں کچھ بڑبڑانا شروع کر دیا۔

اندازہ ہوا کہ شاید یہ ابھی سے سورۃ الھب پڑھ رہا ہے۔

''تم یہ کیا پڑھ رہے ہو اکرم''

چند لمحوں بعد بولا کہ شاہ صاحب آپ نے ہی تو فرمایا تھا کہ سورۃ الھب 8 بار پڑھو۔

بہت بھولے ہو، ابھی نہیں جب یہ مسان کالج ہاسٹل کے سامنے رات کو پھینکنے جاؤ تو اُس وقت پڑھنی ہے۔

اچھا میں سمجھا ابھی۔اکرم نے کچھ دھیمی آواز میں کہا

ایک کام اور کرنا ہے کہ غروب آفتاب سے کچھ منٹ پہلے 80 بار سورۃ الھب کا ورد شروع کر دو کھلے آسمان کے نیچے اور اگر ایسے اونچے مقام پر کھڑے ہوں کہ جہاں سے سورج صاف نظر آئے تو زیادہ بہتر ہے۔یہ وظیفہ 8 روز تک کرنا ہے یاد رکھیں اس میں صرف تکبیر اور تعوذ پڑھنا ہے۔

جو حکم شاہ صاحب! میں یہ کل سے ہی شروع کر دونگا،

اچھا اب تم جاؤ لیکن پہلے بچوں کیلئے کچھ کھانا لے جانا اگر ہمت کرو تو اُٹھا کر اپنی بیوی کو بھی کھلا دینا وہ بہت ٹوٹ چکی ہے۔

بالکل ایسے ہی کرونگا جو آپ کا حکم ۔اکرم نے ہلکی مسکراہٹ کیساتھ کہا

مراقبہ میں دیکھا گیا کہ اُس عورت کے دل و دماغ میں ابھی تک خناس بھرا ہوا ہے اُس کا ہمزاد سیاہ نظر آ رہا تھا صاف ظاہر ہے کہ ابھی وہ باطنی طور پر صاف نہ ہوئی تھی۔

اگلے روز اکرم آیا اُس نے اس بات کی تصدیق کر دی کافی افسردہ اور مایوس تھا۔.....کیا ہوا اکرم؟

شاہ صاحب بہت ہی ڈھیٹ عورت ہے کل میں کھانا لے گیا دوسرے کمرہ میں بچوں کو بٹھا کر کھلایا کل بہت عرصہ بعد ان بچوں نے مجھ سے اچھے طریقہ سے بات کی کہ بابا آج صبح یاسر انکل نے اماں کو مارا اُسکے بعد سے وہ رو رہی ہیں۔ خیر میں نے بچوں کو کھانا کھلایا پھر جا کر اپنی بیوی کو اُٹھایا۔اُس نے اُٹھتے ہی مجھ پر گالی گلوچ شروع کر دی وہ سخت غصہ میں تھی سچ بات یہ کہ میری تو ہمت نہ پڑی کہ میں اُسے کھانے کا کہتا۔

''اچھا کوئی بات نہیں جہاں اتنا ہو چکا تھوڑا سا اور برداشت کر لو یوں سمجھو کہ ہاتھی نکل گیا دم رہ گئی ہے''.....اکرم کی مایوسی ختم کرنے کی کوشش کی

اور ہاں یہ بتاؤ کہ کیا غروب آفتاب کا وظیفہ کیا؟

جی ہاں شاہ صاحب۔۔۔کر لیا تھا آپ کا حکم ہے 8 دن ضرور پورے کرونگا لیکن یہ فرمائیں کہ میں اب اس عورت کا کیا کروں؟

تم اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔اکرم نے سر جھکا کر توجہ سے بات سنی 4 روز کے بعد وہ پھر آیا کہنے لگا کہ ایک نئی رپورٹ ہے۔

کیا بات ہوئی؟ اب اکرم سے پوچھا!

بات یہ ہے کہ میرے ایک ساتھی نے بتایا میری بیوی سے ہاسٹل خالی کروالیا گیا ہے لوگوں نے اُس پر کئی اعتراضات اُٹھائے ہیں۔لڑکیوں کے والدین بھی شکایت کی۔معاملہ کافی حد تک بگڑ چکا تھا جس وجہ سے کھڑے پیر اُس سے ہاسٹل کی چابی لے گئی۔جب سے وہ زیادہ پریشان ہے۔

بات نامعلوم،،، درست ہے کہ غلط یہ بھی پتہ چلا ہے کہ دو تین لڑکیوں کی والدہ نے میری بیوی کو مارا پیٹا بھی ہے اور پولیس میں لے جانے کی دھمکی بھی دی۔مگر ہاسٹل کی عمارت کے مالک کی دخل اندازی کی وجہ سے بات پولیس تک تو نہ گئی اُسی وقت ہاسٹل کی چابی لے گئی اب کل صبح وہ اپنے ہاسٹل کا باقی حساب کرنے ہاسٹل کے مالک کے پاس جائیگی۔

دراصل بُرے کام کا بُرا نتیجہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ سبب پیدا کر رہا ہے۔اب کوئی جنات کے قبائل یا گروہ آ کر تو تمہاری مدد نہیں کرینگے جس طرح حالات آہستہ آہستہ بگڑے تھے اُسی طرح آہستہ آہستہ معمول پر آ جائیں گے تم فکر نہ کرنا۔.....اکرم غور سے بات سنتا رہا

وظیفہ کا پانچواں روز تھا صبح سویرے پریشانی کی حالت میں اکرم آیا شاہ صاحب کل رات اور مسئلہ کھڑا ہو گیا۔.....یاسر کی میری بیوی سے شدید لڑائی ہو گئی جیسے ہی اُسے پتہ چلا کہ ہاسٹل خالی کروالیا ہے اور ہاسٹل کے مالک نے 7 لاکھ میری بیوی کے حساب میں نکالا اور اس رقم کا مطالبہ میری بیوی نے یاسر سے کیا جس پر دونوں کی شدید لڑائی ہو گئی۔میں سُن رہا تھا اس دوران کئی سنسنی خیز انکشافات بھی ہوئے اور وہ وجہ بھی پتہ چل گئی کہ ہاسٹل کیونکر خالی کروایا گیا واقعی یاسر عیاش قسم کا انسان ہے۔

اب ان دونوں میں اس قدر نفرت پیدا ہو چکی ہے کہ کل ایک دوسرے کو دھمکیاں دیتے رہے اور یاسر ہمیشہ کیلئے اُسے چھوڑ کر چلا گیا ہے۔

اکرم کو سمجھاتے ہوئے کہا کہ صاف ظاہر ہے اب تمہاری بیوی کے پاس نہ مال دولت ہے نہ ہی عیش وعشرت کا سامان جس کے لالچ میں وہ شخص تھا اب یقیناً محترمہ کی آنکھیں کھل جائینگی اور وہ تم سے رابطہ کرے گی یہ وظیفہ کا کمال ہے کہ جوں جوں دن گزرتے جا رہے ہیں حالات بہتری کی طرف آ رہے ہیں۔

آج پھر وظیفہ کرو اور کل آ کر مجھے بتانا کہ کیا حالات ہوئے ہیں لیکن تم نے اپنی بیوی کا رویہ ضرور دیکھنا ہے کہ اُس میں کس حد تک بہتری آئی ہے۔

رات 9 بجے کا وقت ہو گا اکرم آیا وہ بہت پُرسکون نظر آ رہا تھا کہنے لگا کہ شاہ صاحب رات میں پھر بچوں کیلئے کھانا لے کر گیا وہ شرمندگی کے مارے مجھ سے بات نہ کر پا رہی تھی۔پھر میں نے ہی کھانا ٹیبل پر لگا کر اُسکو کھانے کیلئے بلایا۔خاموشی سے آ کر کھانا کھا لیا۔کھانے کے بعد میں اسے الگ کمرہ میں لے گیا اور سمجھایا کہ جو کچھ ہو چکا اُسے بھول جاؤ میں بھی آج کے بعد زندگی بھر گزرے ہوئے تلخ واقعات کا ذکر نہ کرونگا ایک نئی زندگی شروع کرتے ہیں جو کچھ تم نے میرے ساتھ کیا میں نے اللہ کے نام پر معاف کر دیا۔مجھے معلوم ہے کہ تم بہت پریشان ہو اور بکھر چکی ہو۔مجھ سے عہد کرو کہ آج کے بعد دوبارہ کسی قسم کی غلطی نہ کرو گی اور جو کچھ ہو گیا صدق دل سے اللہ سے توبہ استغفار کرو گی وہ مسلسل روئے جا رہی تھی اور سر جھکا کر باتیں سُن رہی تھی پھر اس نے وضو کیا اور جائے نماز اُٹھائی اور دیر تک کمرہ بند کر کے روتی رہی صبح میرے اور بچوں کیلئے ناشتہ تیار کیا دن بھر ہلکی پھلکی ہمارے درمیان بات چیت ہوتی رہی شاہ صاحب یہ سب کچھ آپکی محنت اور دیانت کا نتیجہ ہے۔کہ آپ نے ہمارا گھر بکھرنے سے بچا لیا اور اُن خوفناک خطرناک جادوگروں کو شکست دی۔

اکرم جو کرتا ہے اللہ کرتا ہے اور جو اللہ کرتا ہے وہ درست کرتا ہے کلام اللہ کی برکت سے سب کچھ ممکن ہے مگر میری ایک نصیحت ہمیشہ کیلئے یاد رکھو اس نصیحت پر اگر تم پہلے عمل کرتے تو اتنی بڑی پریشانیوں سے نہ گزرنا پڑتا۔

''عورت کو عمر کے کسی حصہ میں آزادی نہ دو''

اکرم نے ہاتھ چومے،اللہ کے حضور شکرانے کے آنسو اس کی آنکھوں سے جاری تھے،سر جھکا کر رُخصت طلب کی۔اب بھی اکرم کبھی کبھار ملنے کو آتا ہے بڑی بیٹی کی شادی کر دی ہے خوشحال،پُرسکون زندگی گزار رہا ہے۔

اس کا بڑا بیٹا بھی تعلیم مکمل کرنے کے قریب ہے۔ (الحمدللہ)

زلمے خلیل زاد حلف برداری وزیر اعظم

تحریر
محمد ایاز مزمل حسین شاہ

پاکستان تحریک انصاف کے بانی **جناب عمران خان نیازی صاحب** نے 1992ء میں منعقد ہونے والے آل ورلڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا کپ جیت کر دُنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا اس سے پہلے بھی عمران خان نیازی معتبر طور پر کرکٹ کے حوالہ سے جانے اور پہچانے جاتے تھے۔ شوکت خانم کینسر ہسپتال کی بنیاد رکھی پھر 25 اپریل 1996ء میں پاکستان کی نئی سیاسی جماعت پاکستان تحریک انصاف کی لاہور میں بنیاد رکھی۔ مسلسل 8 سال کی جدوجہد کے بعد 2002ء میں قومی اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف نے اپنی پہلی نشست حاصل کی 2002ء کے الیکشن میں عمران خان نے قومی اسمبلی کی نشست میانوالی سے جیتی پھر کامیابیوں کا سلسلہ بڑھتا گیا 2008ء میں کرپشن کے خلاف اپنے بنیادی موقف کو برقرار رکھتے ہوئے 2008ء کے الیکشن کا بائیکاٹ کیا۔

30 اکتوبر 2011ء کو مینار پاکستان پر ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا اس میں تمام آبادیات سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص نوجوان اور خواتین نے شرکت کر کے جماعت کے مخالفین کو بتا دیا کہ پاکستان کے موجودہ کرپٹ نظام کے خلاف وہ عمران کے ساتھ کھڑے ہیں۔ تقریباً دو ماہ بعد پاکستان تحریک انصاف نے کراچی میں ایک اور بڑا جلسہ کیا جس میں تبدیلی کا نعرہ لگایا گیا۔ ملک کی نوجوان نسل نے بھرپور طریقہ سے اس نعرہ کو دُنیا بھر میں پھلا دیا اور ملک کی تبدیلی کیلئے یہ نوجوان ناقابل تسخیر چٹان کی طرح ثابت ہوئے اور نئے پاکستان کی جدوجہد کیلئے کوشاں ہو گئے۔ اس کے بعد 2013ء **کے الیکشن میں** اس جماعت نے اپنی مسلسل انتھک محنت کے سبب مجموعی طور پر تقریباً پچھتر لاکھ ووٹ لے کر پاکستان کی دوسری بڑی سیاسی جماعت کے طور پر اپنے آپ کو منوایا اور نیا پاکستان کی بنیاد ڈالی جس میں نعرہ بلند کیا گیا کہ **نیا پاکستان موروثی سیاست سے نجات کرپشن اور کرپٹ سیاست دانوں سے نجات غریب کی آواز اور خوشحال پاکستان کے نعرے بلند کئے۔**

2013ء **میں خیبر پختونخواہ** میں حکومت بنائی۔ اپنے دور حکمرانی خیبر پختونخواہ میں بہت سے بگڑے ہوئے نظاموں کو درست کیا۔ جن میں تعلیم، صحت، پولیس اور عدلیہ کے نظام سرفہرست ہے۔ سرکاری اسکولوں کی تجدید نو کی گئی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کے 34000 سے زائد طالب علم پرائیوٹ اسکول سے سرکاری اسکول میں منتقل ہوئے۔ صحت کی حکمت عمل میں تبدیلی آئی۔ صحت کی مفت سہولتیں فراہم کی گئی۔

موجودہ وقت میں پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت پاکستان تحریک انصاف اپنے عہدہ منصب پر فائز ہے۔ تحریک انصاف دیگر سیاسی جماعتوں کے مقابل کم عرصہ کی ایک سیاسی جماعت ہے لیکن یہاب ان سیاسی جماعتوں سے کئی گنا بڑی ہے حالیہ الیکشن 2018ء میں واضح طور پر برتری لینے کے بعد یہ جماعت اپنے خواب کی تعبیر کیلئے کوشاں ہے۔ ایسا خوشحال پاکستان بنانے کی خواہشمند ہے جہاں ہر مرد اور عورت کی خوداری ہو اور وہ انسانیت کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے اپنے دیگر ساتھی شہریوں کا خیال رکھیں۔ **پاکستان تحریک انصاف** کے بانی عمران خان کا مقصد تمام افراد کیلئے انصاف کی یکساں فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اپنے ہمسایہ ممالک سے اچھے تعلقات استوار کرنا ہے۔ روایتی دشمنی اور روایتی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن کرنا ہے کیونکہ عمران خان کو یقین ہے کہ ایک منصف معاشرہ ہی کامیابی کی منازل طے کر سکتا ہے۔ جیسا کہ الیکشن میں واضح برتری کے بعد عمران خان نے قوم سے اپنے پہلے خطاب میں اپنی پارٹی کی ترجیحات اور منشور کو واضح کر دیا۔ جسے پوری دُنیا کے اہم ممالک نے سراہا۔

اس خواب کی تکمیل کیلئے ہر پاکستانی کا بحیثیت قوم فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے حصہ کا کام مکمل دیانت داری سے کرے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ پاکستان تمام قدرتی وسائل سے مالا مال ہے یہاں محنتی قابل اور مخلص لوگوں کی کمی نہیں لیکن ہماری بدقسمتی کے خودغرض اور کرپٹ حکمرانوں کی وجہ سے ہم اپنے وسائل کو بھرپور طور پر بروئے کار نہیں لا سکے۔ ہم پاکستان کو خودمختار قوم دیکھنا چاہتے ہیں۔ جو اپنے ملک و قوم کے مفاد کو اہمیت دیتے ہوئے۔ خودمختار فیصلے کرے۔ پاکستان تحریک انصاف کے اولین مقاصد میں سے ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ہمارے عدالتی نظام کو بہتر بنا کر آزاد کیا جائے تاکہ اس بہتر عدالتی نظام سے عام شہری بھی استفادہ کر سکے۔ پاکستان میں وکلاء تحریک میں مرکزی کردار ادا کرنے کے بعد تمام افراد کیلئے ان کی سماجی درجہ بندیوں اور آبادیات کے باوجود منصف نظام کی مسلسل وکالت کرتا رہا ہے۔ **تحریک انصاف کا ایک اور مقصد** پاکستان میں بے ایمان اور کرپٹ حکمرانوں کے چنگل سے

نجات حاصل کرنا ہے۔جنہوں نے پاکستان کی عوام سے پیسہ لوٹ کر بیرون ملک اپنی دولت میں بھرپور اضافہ کیا یہ مال کے حوس ہے جو کہ کبھی ختم نہیں ہوتی۔

عمران خان نے نئے پاکستان کی بنیاد رکھتے ھی اُس وقت 6وعدے لئے

1:۔میں اپنی قوم سے کبھی جھوٹ نہیں بولوں گا۔
2:۔میں اور میری حکومت ملک میں ناانصافی کے خلاف جہاد کریگی۔
3:۔میں اپنی تمام دولت پاکستان میں رکھوں گا میں دوسرے حکمرانوں کی طرح نہیں جو حکومت تو پاکستان میں کرتے ہیں لیکن اپنی دولت بیرون ملک رکھتے ہیں۔
4:۔میں تحریک انصاف کی حکومت کے دوران کوئی بھی غیر منصفانہ فائدہ لینے کی اجازت نہیں دونگا۔
5:۔میں قوم کے ٹیکس کی حفاظت کرونگا۔یہ گورنرز وزیراعظم اور وزیراعلیٰ کی رہائش پر خرچ نہیں ہوگا۔حکومت تحریک انصاف گورنر ہاؤس کی فصیل توڑ دیگی۔
6:۔ہم بحیثیت پاکستانی بیرون ملک پاکستانیوں کے ساتھ کھڑے ہونگے۔

پاکستان کے بانی تحریک انصاف نے عوام سے بھی چار حلف لئے

1:۔پاکستان سے موجودہ نظام کے خاتمہ کے تعاون۔
2:۔ظلم کرنے والوں سے خوف نہیں کھانا اور برائی کے خلاف مشترکہ جنگ میں تعاون۔
3:۔سچ بولنا اور پاکستان کے ساتھ وفادار رہنا۔
4:۔پاکستان کو خوشحال اور خودمختار ملک بنانے کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنا۔

محترم قارئین کرام تحفہ روحانیات شمارہ اگست 2018ء میں ''الیکشن 2018ء'' کے عنوان سے مضمون شائع کیا گیا جس میں الیکشن کے دن کا زائچہ کشید کیا گیا اور دوسرا زائچہ 14 اگست 2018ء کی پہلی یوم آزادی کا زائچہ بھی کشید کیا گیا تھا۔ان دونوں زائچہ کی روشنی میں سیارگان کی نشست ونظرات کو سامنے رکھتے ہوئے چند اندازے لگائے گئے تھے۔جن میں واضح طور پر بتادیا گیا تھا کہ یہ الیکشن پاکستان تحریک انصاف جیت پائے گی اور پنجاب میں بھی مسلم لیگ نسے بھی کانٹے دار مقابلہ ہوگا۔ان زائچوں کی روشنی میں بتادیا گیا تھا کہ آنے والی حکومت کو بہت سے مسائل کا سامنا رہیگا۔اس حکومت کی کوشش یہی ہوگی کہ وہ بہتر مستقبل کیلئے بہترین خارجہ پالیسی بنائیگی۔اس بات کا اعتراف اور اندازہ الیکشن جیتنے کے بعد عمران خان کی عوام سے پہلی تقریر میں ہی ہوگیا تھا۔

قارئین کی معلومات کیلئے **زائچہ حلف برداری نو منتخب وزیر اعظم عمران خان 18اگست 2018ء صبح 18بجکر18منٹ** بمقام اسلام آباد طالع شرقی افق پر میزان 19.57 درجہ پر زہرہ کے ہمراہ 11.8 درجہ پر طلوع ہے۔زہرہ کا شرقی طالع میں اپنے طبعی گھر پر طلوع ہونا عوام میں مقبولیت کا اشارہ ہے۔کہ دُنیا بھر مین صاحب زائچہ عزت وتکریم حاصل کریگا اور ہر ایک کی توجہ کا مرکز رہیگا لیکن

زائچہ:۔حلف برداری 18 اگست 10 بجکر 18 منٹ صبح اسلام آباد



حلف برداری کے وقت سب سے نحس علامت قمر در عقرب یعنی قمر آٹھویں کا ہوکر زائچہ کے دوسرے گھر پر 23.52 درجہ کے ساتھ مشتری کے ہمراہ قابض ہے۔جیسا کہ نجوم کے ابتدائی طالب علم کو بھی معلوم ہے کہ قمر در عقرب میں شروع کیا جانے والا کوئی بھی کام اپنے انجام کو نہیں پہنچتا۔ **ائمہ کرام کا بھی قمر در عقرب بارے یہی قول ھے اور سختی سے قمر در عقرب میں کوئی نیا کام شروع نہ کرنے کی جانب حکم دیا گیا ھے۔** زائچہ کا دوسرا گھر تعمیر وترقی اور خواتین سیاست دان سے بھی منسلک ہے اشارہ ہے کہ یہ دونوں معاملات اس گھر میں کمزور ترین ہیں۔زائچہ کا مالک مریخ اس گھر کو نظر تثلیث سے دیکھ رہا ہے لیکن دوسری جانب حالت رجعت میں ہونے کی وجہ سے کمزور ہوگیا ہے۔زحل کے ہمراہ مریخ کا چوتھے گھر پر قابض ہونا اس بات کی علامت ہے کہ بیرونی سازشوں کے ذریعے اس حکومت کو ہٹانے کی بھرپور کوشش کی جائیگی۔شرف یافتہ مریخ

بھی کمزور درجات پر حالت رجعت میں ہونے کی وجہ سے کوئی خاص فائدہ نہ دے سکے گا جبکہ زائچہ کے چوتھے گھر میں زحل درجدی طبعی خانہ میں موجود ہے مگر حالت رجعت میں ہے۔ مریخ کے ہمراہ یہاں اس کی موجودگی بھی فائدہ نہ دیگی۔ زائچہ کا چھٹا گھر تنزلی' حادثات اور صحت سے متعلق ہے۔ اس گھر میں نیپچون کا قیام اشارہ دیتا ہے نیپچون اچانک تبدیلیوں کا سیارہ ہے کہ **ملکی اہم سیاسی شخصیت جو کہ اہم عہدوں پر فائز ہونگے اُن پر حملوں کے امکانات زیادہ ہیں** ۔اس وقت قاتلانہ حملہ بھی ہوسکتا ہے ہمارا مشورہ ہے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی نو منتخب حکومتی جماعت کو پروٹوکول ضرور لیا جائے اور سیکورٹی کا اعلیٰ انتظام کیا جائے۔ خانہ پانچ کا مالک زائچہ کے خانہ چار پر قابض ہے۔

جو کہ اشارہ دیتا ہے کہ چند ایسے فیصلے بھی ہوسکتے ہیں جو کہ حکومت کی کمزوری کا باعث بنیں۔

مشتری مذہب' قانون اور انصاف کا سیارہ ملکی معیشت کا سیارہ بھی کہلاتا ہے یعنی مشتری بھی قمر کے ہمراہ عقرب میں 15.29 درجہ پر قابض ہے۔ عندیہ دیتا ہے کہ **آئندہ حکومت کو بہت سے قانونی معاملات** کا سامنا درپیش رہیگا بہت مخدوش حالات میں ملکی معیشت نئی حکومت کے ہاتھ آئیگی۔ اس وقت ڈالر کی قدر ملکی بلند ترین سطح پر ہے روپیہ کی قدر کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی جسکو بہتر بنانے کیلئے اگر فوری طور پر درست اقدامات نہ کئے گئے تو ملکی معاشی حالات خدانخواستہ بد سے بدتر ہوجائیں گے۔ زہرہ تربیع کی نظر سے چوتھے گھر کو دیکھ رہا ہے۔ جہاں پر زحل' مریخ اور پلوٹو جدی کا ہوکر قابض ہے۔ یہ تینوں سیارگان حالت رجعت میں ہیں۔ اس بات کی جانب اشارہ دیتے ہیں کہ مخالفین کی بھرپور کوششوں کے باوجود موجودہ حکومت اپنے بہت سے وعدے پورے کر پائیگی۔ **اندرونی اور بیرونی دشمنوں کا سامنا** بھی رہیگا۔ سیاست بالنجوم کے تحت حلف برداری کا یہ زائچہ کمزور ہے لیکن بہتر حکمت عملی کے سبب بگڑتے ہوئے حالات پر قابو پایا جاسکے گا۔ پلوٹو طاقت اور ہمت کا سیارہ ہے مریخ بہادری جنگ وجدل سے تعلق رکھتا ہے جبکہ زحل کو حاکمیت اور خفیہ ملک دشمن کا سیارہ بھی مانا جاتا ہے۔ زہرہ جو کہ تحریک انصاف کا سرحرف کے نام سے ذاتی سیارہ بھی ہے۔ طالع شرقی میں تربیع کی نظر سے دیکھتے ہوئے ان سیارگان کی قوت کو کمزور کررہا ہے۔ زائچہ کے پانچویں گھر میں ذنب دلو کا ہوکر قابض ہے زہرہ سے ذنب کی نظر تسدیس علامت ہے کہ دشمن اور مخالفین کے ارادوں کو بھانپ جانا اور اُسکے ان ارادوں کا سدباب کرنا۔

گیارھواں گھر پارلیمنٹ کا کہلاتا ہے۔ اس خانہ میں شمس 25.13 درجہ کے ساتھ عطارد کے ہمراہ قابض ہے۔ شمس کی یہاں موجودگی اس بات کی جانب اشارہ دیتی ہے کہ پارلیمنٹ ہر ممکن حکومت کو مدت پوری کرنے اور مضبوط بنانے کے لئے بہتر اقدامات کرے گی۔ شمس کو بادشاہ سلطنت کا درجہ حاصل ہے۔ جو کہ زائچہ کے خانہ گیارہ میں موجود ہے مگر یہاں کمزور درجات پر ہے۔

تقریب حلف برادری زائچہ کا خانہ سات وزیر اعظم سے منسوب ہوتا ہے نومنتخب وزیراعظم کو کڑی تنقید کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ کیونکہ طالع کے مدمقابل یہ خانہ ہے اس خانہ کا مالک مریخ جو کہ تربیع کی نظر سے بحالت رجعت آخری درجات پر قوم اور وزیراعظم کے خانہ کو دیکھ رہا ہے کہا جاسکتا ہے کہ عدلیہ کی جانب سے ایسے فیصلے بھی آسکتے ہیں جن کی وجہ سے وزیراعظم کے عہدہ کو نقصان پہنچے۔ جیسا کہ سابقہ وزیراعظم نواز شریف کو ایسی نظر بننے کے دوران نااہل کیا گیا تھا۔

بوقت زائچہ حلف برداری کامل نظر سیارگان عطارد زہرہ تسدیس قائم ہورہی ہے یہ نظر بھی انتہائی کمزور ہے کیونکہ بوقت نظر عطارد بحالت رجعت (گردش) اسد کے 11.35 درجہ پر موجود ہے۔ زہرہ میزان کے 11.8 درجہ پر رہ کر یہ نظر قائم کررہی ہے اگر یہ دونوں سیارگان اپنے مضبوط درجات پر ہوتے یا رجعت سے پاک ہوتے دوران حکومتی مدت پانچ سال نومنتخب حکومت کو بے انتہا چیلنجز' مشکلات' مخالفت کے باوجود بے انتہا پذیرائی حاصل ہوتی۔ جتنی محنت اس دوران موجودہ حکومت اپنی مدت حکومت کے دوران کریگی اس محنت کے سبب اس کو اتنا ثمر حاصل نہ ہوگا۔ اگر عمران خان چاہتے ہیں کہ مخالفین کا ڈٹ کر مقابلہ کریں تو اور ملک کو اپنی مثبت سوچ کے مطابق ملک عظیم بنادیں' **قوم سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کریں** دشمنوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔ مریخ کی قوت کے وقت تانبہ میں یاقوت اچھی قسم کا بنوا کر پہن لیں اور جب زحل سعد اور باقوت ہو تو اُس وقت نیلم کی انگوٹھی چاندی میں پہنیں یا پاکستان تحریک انصاف کے چاہنے والے اپنی حکومتی مدت کے دوران باقاعدہ طور پر صدقہ زحل بروز ہفتہ رات 9 تا 9.30 سیاہ تل اور سیاہ اناج حشرات الارض کو ڈالیں اور صدقہ مریخ منگل رات 9 تا 9:30 کون یا گوشت کا صدقہ دیں۔ تو ان شاءاللہ آنے والے سخت حالات کا باآسانی مقابلہ کیا جاسکے گا۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	03	10:11 تا 13:16	18:30 تا 20:25	مشرق	تا	شمال

من پسند شادی کرلیں

(مقصد وظیفہ) من پسند شادی کرنے کیلئے یا کسی مرد وعورت کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کیلئے۔

(وظیفہ) دیسی گھی اور شہد خالص ملا کر نئے مٹی کے چراغ میں نئی روئی لگا کر ایک چراغ تیار کرلیں دیئے گئے وقت میں پاک صاف تنہا مکان میں چراغ کو با وضو ہو کر روشن کریں اول آخر درود شریف 7 بار پڑھ کر 21 تسبیح ''یا اللہ' یا رحمنُ یا رحیم' پڑھیں نیت اپنے کام کی رکھیں بعد میں یہی وظیفہ مسلسل 7 روز تک کریں ان شاء اللہ جلد ہی مقصد میں کامیابی ملے گی۔

عطارد تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	07	07:00 تا 08:02	14:16 تا 15:18	جنوب	21:19 تا 22:16	مغرب

عہدہ میں ترقی ملے

(مقصد وظیفہ) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کہ خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو اس وظیفہ کی قوت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(وظیفہ) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاءاللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔ اگر کسی قاری کو کوئی بات سمجھ نہ آئے تو ادارہ سے رابطہ کرسکتا ہے۔

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	09	07:01 تا 08:03	14:15 تا 15:17	شمال	21:13 تا 22:15	مشرق

حاسدین منہ کی کھائیں

(مقصد وظیفہ) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کیلئے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے وظیفہ کیا جاسکتا ہے یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ وظیفہ نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین ومخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس ورد کو کرسکتے ہیں۔ اس وظیفہ کو کرنے سے قبل استخارہ ضرور کریں۔

(وظیفہ) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں ان شاء اللہ آپ کا دشمن مقہور ہوگا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس وظیفہ میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 360 روپے کی نمکیں چیز بچوں میں تقسیم کر دیں، وظیفہ کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

شمس تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	11	07:01 تا 08:03	14:15 تا 15:17	شمال	21:13 تا 22:15	جنوب مشرق

مالا مال ہوجائیں

(مقصد وظیفہ) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے وظیفہ میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ضروری ہی نہیں ہے اس وظیفہ کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(وظیفہ) 1 تسبیح استغفار +21 بار درود شریف +21 سورہ مزمل +21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی "یا مغنی یا زکی" "یا مغنی یا لطیف" 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد وظیفہ کے وقت 117 بار کریں۔

زہرہ تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	13	09:05 تا 10:06	16:15 تا 17:17	جنوب مغرب	19:17 تا 20:15	جنوب

بزرگ خواتین سے دُعا

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے وہ افراد جن کی والدہ حیات ہیں اسوقت میں ان سے خاص دُعا کروائیں یا والدہ سے وراثتی جائیداد کا حق لے سکتے ہیں بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال و جائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں وظیفہ کر سکتا ہے۔

(وظیفہ) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے مالی یا روحانی یا والدہ سے وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کر دے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ و آیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔باقی وظیفہ درج بالا طریقہ سے کریں۔

عطارد تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	16	08:04 تا 09:05	15:11 تا 16:12	شمال مغرب	22:10 تا 23:10	شمال مشرق

مشکلات سے نجات پا جائیں گے

(**مقصد وظیفہ**) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جو کہ مختلف مصائب اور مشکلات میں مبتلا ہوں کسی بھی طرح سے ان سے نکلنے کے کوئی ترکیب نظر نہ آتی ہو ہر طرف سے بے بس ہو گئے ہوں تو سیاروں کی اس نظر میں ذیل کا وظیفہ کر سکتے ہیں

(**وظیفہ**) **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** 313 بار پڑھیں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں سنہرے کاغذ پر اس آیت کو 113 بار تحریر کریں نیچے اپنا مقصد اس طرح لکھیں کہ اے پروردگار عالم تجھ سے بڑا حفاظت کرنے والا کوئی نہیں اور تجھ سے بڑا مصیبت اور پریشانی سے چھٹکارہ دلوانے والا کوئی نہیں ہم نبی کریمؐ اور اس آیت مبارکہ کا واسطہ دیتے ہیں کہ ہمیں پریشانی و مصیبت سے بچائے رکھ اس لکھے ہوئے نقش کو تعویز میں لپیٹ کر سیدھے بازو میں باندھ لیں بعد نماز فجر 113 بار آیت مذکورہ کا ورد پڑھیں نقش بنانے کیلئے ذولکتابت طریقے سے مربع چاروں عناصر کی چالوں سے پر کریں اور انہیں اپنے اپنے مقصد میں استعمال کریں مندرجہ بالا طریقہ سے بھی ورد جاری رکھیں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	21	07:05 تا 08:05	14:19 تا 15:21	جنوب مغرب	21:17 تا 22:19	جنوب

نکاح کی بندش ختم

(**مقصد وظیفہ**) سیاروں کی اس نظر میں بچیوں کی شادی کی بندش کو ختم کرنے کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے لیکن دوران اور بعد وظیفہ آپکی مکمل توجہ اور یکسوئی از حد ضروری ہے۔

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

ادارہ روحانیات

(وظیفہ) اول آخر درود شریف 7 بار **سورہ احزاب** کی پہلی 14 آیات 3 بار پڑھنے کے بعد سفید کاغذ پر لکھ کر اچھی طرح خوشبو لگا کر تعویز کو سبز اور سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سیدھے بازو پر باندھ لیں بعد نماز فجر روزانہ اول آخر درود شریف 7 بار پڑھنے کے بعد **سورہ احزاب** 1 بار پڑھیں ان شاء اللہ جلد ہی نکاح کا پیغام آجائے گا اور نکاح کی بندش ختم ہو جائے گی جب تک مقصد حل نہ ہو وظیفہ کو جاری رکھیں۔ نقش بنانے کیلئے سبز رنگ کی ریشمی کپڑے پر یا چاندی یا سونے کی تختی پر **سورہ احزاب** کے اعداد 5525 کا نقش مربع آتشی چال سے پر کریں دوسری جانب طلسم عطارد بنائیں جلد ہی مقصد پورا ہوگا۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	23	08:06 تا 09:07	15:13 تا 16:15	مغرب	22:13 تا 23:13	شمال مغرب

خطرناک وظیفہ

(مقصد عمل) ذیل کا وظیفہ شر کے معاملات میں پڑھا جاتا ہے گزشتہ کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ شر میں کئے جانے والے وظائف نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک اس شریر کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ یہ وظیفہ صرف اس جگہ کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ ان ایام کا وظیفہ سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے ہے۔ اس سے قبل استخارہ ضرور کریں۔

(وظیفہ) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو وظیفہ کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار سورۃ ''الھب'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 800 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ ورد سے قبل حصار لازمی لگا لیں۔

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فٹکر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ھدیہ 500 روپے

عطارد تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	24	09:06 تا 10:06	16:17 تا 17:19	شمال مغرب	19:19 تا 20:17	مشرق

بلڈ پریشر نہ رہے گا۔

(مقصد وظیفہ) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو۔ اس خاص قوت وظیفہ کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(وظیفہ) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لیے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کے لیے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ نقش بنانے کے لیے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

شمس تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	26	08:06 تا 09:07	11:05 تا 12:06	شمال	22:13 تا 23:13	جنوب مشرق

دشمن تکلیف میں آجائے

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے وظائف کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر وظیفہ کرنے سے گریز کریں۔ اس وظیفہ کو کرنے سے قبل استخارہ لازمی کریں

(وظیفہ) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں طرف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار ہی دشمن کا نام لکھیں اس طرح اس وظیفہ کی قوت میں اور اضافہ ہو جائے گا اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اور اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔

وظیفہ کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از وظیفہ قبرستان میں پھینک دیں۔ بعد وظیفہ 500 کی نمکین شے خیرات کر دیں۔

شمس تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	28	05:08 تا 06:09	12:04 تا 13:03	جنوب مغرب	18:00 تا 19:00	جنوب

دشمن مصیبت میں پڑ جائیں

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نظر کے تحت غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا، تسخیر امراء، سخت دل اور دولت مند لوگوں کو مسخر کرنے کیلئے وظیفہ کیا جا سکتا ہے۔

(وظیفہ) درج بالا وقت میں گولڈن کاغذ پر طلسم شمس کندہ کریں اور اس طلسم کے بالکل نیچے **یا ودود یا اللہ یا ودود یا غنی یا ودود یا مغنی یا ودود یا باسط** تحریر کریں جس شخص کو مسخر کرنا ہو درج بالا اسم الٰہیہ اس وقت میں بیٹھ کر 1100 بار ورد کریں اور اس طلسم پر دم کر دیں نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ اس کاغذ کو اس طرح سے تہہ کریں کہ اسم الٰہیہ اور مقصد تحریر بالکل طلسم اوپر ہو یعنی دونوں تحریریں آپس میں مل جائیں۔ ایسے 4 نقش تیار کریں ان میں سے ایک نقش مطلوبہ شخص کی راہ گزر مکان، دفتر یا دوکان میں رکھ دیں۔ دوسرا نقش پھل دار درخت سے باندھ دیں اور تیسرا نقش گڑ شکر یا چینی یا شہد میں رکھیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ درج بالا اسم الٰہیہ کو 200 بار ورد میں رکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ غلبہ دشمن کیلئے یا قوی یا قابض کا اضافہ کر کے تحریر ورد کریں۔ جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہوں 2318 عدد میں نام سائل مع مقصد مع نام مطلوب کے عدد قہری کا اضافہ کریں جو لوگ غلبہ دشمن چاہتے ہوں وہ مزید 1018 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش چال آتشی مربع سے پُر ہوگا۔

شرف عطارد

سیارہ عطارد کو برج سنبلہ کے 15 درجہ پر شرف حاصل ہوتا ہے اس خاص موقع پر حصول اولاد، اہل علم، ترقی علم و عقل دفع ذہنی امراض، مقدمہ میں جیت اور پنچائیتی فیصلوں میں غلبہ دشمن ایسے طالب علم جو کہ تعلیمی میدان میں ناکام رہتے ہوں یا عزیز رشتہ داروں کی تسخیر کیلئے خاص الواح یا وہ افراد جو کہ خاص شخص سے شادی کے خواہشمند ہوں لیکن اس کے والدین راضی نہ ہوں ایسے تمام افراد نادر اور نایاب موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے الواح اور نگینہ عطارد تیار کیے جاتے ہیں۔ اس سال شرف عطارد 13 ستمبر بروز جمعرات 19:07 تا 14 ستمبر 19:43 کو درجہ شرف سے گزر رہا ہے شرفی درجات کسی بھی سیارے کی انتہائی سعد قوت ہوتی ہے۔ یہ وقت مبارک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس وقت آپ مٹی کو ہاتھ لگائیں تو وہ بھی سونا بن سکتی ہے۔ اس دوران ہمیں صرف تین ساعتیں میسر آئینگی ان مبارک ساعتوں میں اپنے مقصد کے مطابق وظیفہ تیار کر سکتے ہیں یا نگینہ شرف عطارد تنجم کیا جا سکتا ہے اور خاص اسم الٰہی سلام عطارد کی برکت سے اعمال طلسمات الواح تیار کی جا سکتی ہیں۔ اس دوران رجال الغیب جانب شمال مغرب ہونگے۔ ملے جلے رنگوں کا استعمال کریں۔ اچھی خوشبو بطور بخور یا اگربتی سلگائیں۔ ہر لوح کی پشت پر طلسم عطارد ضرور کندہ کریں۔ دھات تانبا موثر رہیگی جو کہ جلد اثرات ظاہر کریگی۔

یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یَاقَوِیُّ یَا قَابِضُ کا ورد کریں۔

سلام عطارد **السلام و علیکم یا عطارد اشکائیلُ یا فلق۔**

ساعت اول:۔ 14 ستمبر بروز جمعہ 00:10 تا 01:08

ساعت دوئم:۔ 14 ستمبر بروز جمعہ 07:02 تا 08:02

ساعت سوئم:۔ 14 ستمبر بروز جمعہ 14:12 تا 15:13

درجہ بالا تینوں ساعتوں میں سمت رجال الغیب جنوب اختیار کریں۔

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔

5۔ ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 12 ستمبر 23:14 تا 15 ستمبر 05:44

ہبوط قمر: 13 ستمبر 02:45 تا 04:31

قمر در ثور: 27 ستمبر 12:15 تا 29 ستمبر 18:25

شرف قمر: 27 ستمبر 15:55 تا 17:45

شادی بیاہ کی تاریخیں

2.3.6.7.8.9.15.20.21.22.24.27.28.29

شمس تثلیث مریخ
لوح فتح خاص

تحریر
رضوان حسین شاہ
ملتان

لوح فتح علم جفر کا خاص کمال ہے جس میں قرآن پاک کا اعجاز پوشیدہ ہے۔شمس جس کو عزت مال و دولت حاکمیت کا سیارہ مانا جاتا ہے ۔ اس سیارے کے شرف میں صاحب علم حضرات مختلف الواح اور طلسمات تیار کرتے ہیں جن کا مقصد عزت دولت اور شہرت پانا ہوتا ہے لیکن جب دو بڑی قوتیں آپس میں مل جائیں تو ان کے ملنے سے جو اثرات پیدا ہوتے ہیں اور جو شعائیں فلک سے زمین پر اپنا اثر دکھاتی ہیں اگر درست وقت میں اُن شعاعوں کے اثرات کو مسخر کر لیا جائے تو یقیناً انسان کی زندگی کا مقصد حل ہو جاتا ہے وہ افراد جن کو دشمنوں سے اکثر و بیشتر نقصان پہنچتا ہو یا وہ افراد جو کہ مالی نقصان سے بچاؤ چاہتے ہوں یا وہ حضرات جو کہ قلب و جگر اور خون کے امراض میں مبتلا ہوں اس وقت کی قوت سے فائدہ اُٹھائیں کیونکہ دوسری بڑی طاقت مریخ ہے جس کو سپاہ سالار فلک بہادری شجاعت دلیری کا سیارہ مانا جاتا ہے۔شمس در دلو ہے دونوں سیارگان اس ماہ 26 ستمبر بوقت 17 بجکر 48 منٹ تا 29 ستمبر 20 بجکر 03 منٹ پر نظر تثلیث قائم کر رہے ہیں۔اس دوران شمس اور مریخ کی نظرات مکمل طور پر ذیل کے عمل کیلئے فائدہ دینگی پہلے بھی عرض کر چکا ہوں وہ افراد جو کہ سیاست میں حصہ لینا چاہتے ہوں یا جن کو تسخیر دولت کی ضرورت ہو۔تو یہ لوح اس کی کامیابی کی ضمانت بنے گی۔اس لوح کی برکت سے اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں شمس یا مریخ کمزور ہوں تو ان دونوں سیارگان کی کمزوری بھی ذائل ہوتی ہے علاوہ ازیں اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں متذکرہ بالا دونوں سیارگان نحس نظر قائم کئے ہوئے ہوں تو بھی اُن کی نحس نظر کے اثرات اس لوح کی قوت سے ذائل ہو جائیں گے ۔ ہمت بہادری اور شجاعت میں مولا علی سے بڑھ کر کوئی نہیں جنہیں شیر خدا یعنی اسد اللہ غالب کا لقب بھی دیا گیا ہے اور محمد ﷺ آخری نبی الزماں مثل آفتاب اس کائنات میں رونق افزا ہوئے۔دونوں روحانی بلند پا ہستیوں کے طفیل یہ کائنات معرض وجود میں آئی۔

ایسی نظرات بار بار نہیں آتی ایسے وقت سے فائدہ اٹھائیں علم الجفر کا ایک پر تاثیر اور چلتا ہوا عمل کیساتھ حاضر خدمت ہوں۔دونوں سیارگان آتشی مزاج رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ لوح فتح سونا یا تانبے پر تیار کی جائے اسی مناسبت سے اعداد قمری کی بجائے اعداد شمسی سے پُر تاثیر کرتا ہوں کیونکہ اعداد شمسی پر تاثیر اور طاقتور بھی ہیں۔عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ فتح با موکل اعداد شمسی 2643592

آیت فتوحات اعداد شمسی 15912

اسم اعظم **یا قوی یا فتاح** اعداد شمسی:۔1310

اسم **محمدؐ** اعداد شمسی:۔1214

اسم **علیؑ** اعداد شمسی:۔1590

نام طالب معہ والدہ اعداد شمسی:۔5860

کل مجموعہ اعداد:۔2669478

قاعدہ کے مطابق نفی کئے 2669358=120-2669478

حاصل عدد کو 4 پر تقسیم کیا۔667339

آتشی چال سے نقش کو پُر کرتے ہوئے ہر خانہ میں 4 کا اضافہ کریں گے کسر 2 آئی لہذا خانہ نمبر 9 میں 1 عدد کا اضافہ ہوگا۔لوح فتوحات اس طرح تیار ہوگی۔

نوٹ) ایسے حضرات جو لوح فتح خود تیار نہ کر سکیں وہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے یا مجھ فقیر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔



فیضان الجفر

رجعت حروف صوامت کا توڑ اسم الٰہی "یا سلام"

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

قارئین تحفہ روحانیات پچھلے ماہ کی قسط میں حروف مقطعات نورانی سے حروف صوامت کی رجعت ونحوست کو ختم کرنے کے دو اعمال پیش کر چکا ہوں۔ اب اس دفعہ پیارے قارئین کیلئے ایک اور مجرب عمل اسم "یا سلام" سے حروف صوامت کی رجعت ونحوست ختم کرنے کا عمل حاضر خدمت ہے اُمید ہے یہ عمل بھی سب کو پسند آئیگا۔ یہ عمل بھی سینے کا راز تھا جو کہ آپ کیلئے ظاہر کر رہا ہوں۔

یا سلام

سلام سے مراد سلامت رکھنے والا۔ چاروں حروف صوامت کے ہیں۔ ایسے لوگ جو عرصہ دراز سے حروف صوامت کی رجعت ونحوست میں مبتلا ہو گئے ہوں اور نحس اثرات کی وجہ سے شدید نقصانات میں مبتلا ہو گئے ہوں وہ لوگ اسم "یا سلام" سے فیض حاصل کریں ان شاء اللہ ہر قسم کی رجعت نحوست ختم ہو جائیگی۔

☆ حروف صوامت کی رجعت ونحوست کے علاوہ ہر قسم عملیات کی رجعت سے تحفظ وسلامتی ملے گی۔ اسم "یا سلام" کے بے شمار فوائد ہیں۔

طریقہ زکات: اسم "یا سلام" کی زکات کے بہت سارے طریقے ہیں۔ کسی بھی نیک وقت میں اسم یا سلام کے مندرجہ ذیل دو نقشوں میں سے کسی بھی ایک نقش کی زکات قائم کریں۔ ٹوٹل 131 نقش لکھ کر گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ اگر ایک وقت میں نہ لکھ سکیں تو 4 سے پانچ دنوں میں مکمل کر لیں۔ روزانہ تھوڑے تھوڑے نقش تیار کریں۔ ہر ایک نقش کی گولی پر اسم "یا سلام" کو 131 دفعہ پڑھ کر دم کرنا ہے۔ باقی طریقہ کار قسط اوّل زکات نمبر ایک سے دیکھ لیں۔

☆ راز: اسم "یا سلام" میں چار حروف ہیں اور حروف صوامت بھی چار کلمات سے بنتے ہیں۔ اسم یا سلام میں چار حروف ہیں، سارے حروف صوامت کے ہیں۔ اسم یا سلام کے کل اعداد قمری 131 بنتے ہیں۔ اگر بائیں طرف کے اعداد پر نظر کریں تو 13 کا عدد نظر آئے گا۔ جو کہ حروف صوامت کے تعداد 13 کے برابر ہیں۔

۷۸۶
صرفیائیل

م	ا	ل	س
۲۹	۶۱	۳۹	۲
۵۸	۲۸	۳	۴۲
۴	۴۱	۵۹	۲۷

۷۸۶
صرفیائیل

م	۴	ل	س
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
ل	س	م	ا

☆ نقش یا لوح "یا سلام" مبارک کو پاس رکھنے سے حروف صوامت کی رجعت ختم ہو گی اور دنیا کے ہر مسئلے یا پریشانی مشکلات سے سلامتی ملے گی۔

مزید تفصیلات کے لئے میری کتابیں اسرار حروف صوامت حصہ اوّل، حصہ دوم و بیاض منظور حصہ اوّل حصہ دوم کا مطالعہ فرمائیں۔

نوٹ: ان شاء اللہ عنقریب حروف صوامت کی رجعت ختم کرنے اور حروف صوامت پر مزید دلچسپ سچے مجربات نایاب اور تحقیقی مضامین پیش کروں گا۔

امداد مشکل کشاء

دس شب بلاناغہ بعد از نماز عشاء دو رکعات نماز حاجت پڑھیں پھر 132 مرتبہ درود شریف پھر 1140 مرتبہ اسم مبارک یا علیؑ پڑھنے کے بعد 14 مرتبہ درود شریف پھر 110 مرتبہ **یا ابا الحسن یا علی بن ابن ابی طالب ادرگنی** ان شاء اللہ مشکل کشاء عالم کی امداد ضرور حاصل ہو گی۔

شرف عطارد

تدبر، سوچ اور ذہانت سر چشمہ ستارہ عطارد

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمن ضیاء
(کراچی)

عقل و فہم، علم و فن کے سیارے عطارد کو منشئی فلک کہا جاتا ہے۔ سورج سے قریب ترین سیارہ ہے۔ جس کی وجہ سے زمین سے دس گنا زیادہ حرارت و روشنی حاصل کرتا ہے۔ اس کی تاثیر کا نظریہ یہ ہے کہ جب دنیا میں شمس و قمر کی دو مثبت و منفی قوتیں کام کرنے لگیں تو انسانی ذات کو دنیا کے تجربات کے لیے عقل و ذہانت کی ضرورت محسوس ہوئی تا کہ سوچ سمجھ کر انسانیت ترقی کے راستے کو طے کر سکے چنانچہ اس قوت کو عطارد کی شعاعوں نے نشوونما دی۔ انسانی دماغ جو جسمانی طور پر قمر کے زیر اثر ہے جو اپنی سمجھ بوجھ اور عقل کی کارکردگی میں عطارد کی شعاعوں کے زیر اثر آ گیا۔ عطارد کی قوتوں کے ذریعے ہم احساسات کے اتار چڑھاؤ سے گزرتے اور اظہار کی قوت پاتے ہیں۔ اگر کسی کے زائچہ پیدائش میں عطارد کی قوت میں کمی ہو تو اس شخص میں عقل و فہم کی کمی ہوگی۔ حصول علم و فن میں اسے دشواری پیش آئے گی۔ زندگی گزارنے میں وہ قدم قدم پر غلطیاں کرے گا۔ عطارد کو مخنث کوکب بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ دوسرے سیارگان کے اثرات قبول کر کے ان کے مطابق تاثیر دیتا ہے۔ اس کی زائچے میں عمدہ اور طاقتور پوزیشن اعلیٰ سمجھ بوجھ، تحریر و تقریر کی بہتر صلاحیت، غور و فکر رجحان، عمدہ قوت حافظہ، ذہنی تیزی و طراری دیتی ہے۔ تجارت و کاروبار، ایڈورٹائزنگ، شراکتی سرگرمیاں، ٹرانسپورٹ، پرنٹنگ و پبلیشنگ، تعلیم و تربیت، خط و کتابت اس کے حلقہ اثر میں آتے ہیں۔

دائرۃ البروج میں برج جوزا اور برج سنبلہ کا یہ مالک ہے یعنی 22 مئی تا 21 جون اور 24 اگست تا 23 ستمبر کے عرصے میں پیدا ہونے والوں کا یہ ستارہ ہے۔ جوزا اور سنبلہ بلحاظ عنصر دو مختلف مزاج رکھنے والے برج ہیں۔ جوزا قوتِ خیال سے متعلق ہے اور سنبلہ قوتِ عمل سے۔ تدبیر، سوچ، دلیل اور ذہانت کا سرچشمہ یہی ستارہ ہے۔ اگر زائچے میں کمزور ہو یا نحس حالت میں ہو تو یادداشت میں خرابی، اظہار خیال سے محرومی، بدگوئی اور دیگر دماغی خرابیاں پیدا کرتا ہے۔ اکثر لوگ جو بولتے ہوئے لکنت کا شکار ہوتے ہیں، اسی کی کمزوری کی وجہ سے یہ خرابی ہوتی ہے۔

دوران تعلیم و تربیت اس کی کمزوری گمراہ کن نظریات اور نامناسب شوق مطالعہ و مشاہدہ کی طرف لے جاتی ہے۔

انسانی اعضامیں عطارد، ہاتھوں، بازوؤں، پھیپھڑوں، آنتوں، منہ، زبان اور پاؤں سے تعلق رکھتا ہے۔ بیماریوں میں دماغی امراض مثلاً دیوانگی، مرگی، جنون، کند ذہنی وغیرہ اس کے زیر اثر ہیں۔ منسوبی دھات پارہ، پلاٹینم، چاندی ہے۔ رنگ سفید، سبز، سلور کلر اور تیز و شوخ رنگ ہیں یا مخلوط (ٹیکنی کلر) رنگ ہے۔ بدھ عطارد کا دن ہے اور عدد پانچ ہے۔

عطارد سے متعلق جواہرات:۔ میں زمرد، پکھراج، زرقون، (گومیدک) سنگ یشم، بھیکم، لاجورد، زبرجد، فیروزہ، پریڈٹ، سٹرین، رودراکھ اور کا لسڈونی ہیں۔

اس سال شرف عطارد 13 ستمبر بروز جمعرات 19:07 تا 14 ستمبر 19:43 کو درجہ شرف سے گزر رہا ہے

علم جفر کے ماہرین عطارد کے سعد اور باقوت اوقات میں ایسے اعمال (الواح و نقش و طلسم) تیار کرتے ہیں جو عطاردی قوتوں کو جذب و محفوظ کر لیں پھر حسب ضرورت و موافقت لوگ انہیں استعمال کرتے ہیں۔ اس ماہ عطارد 13 ستمبر 2018ء بروز جمعرات 19 بجکر 07 منٹ تا 14 ستمبر 19:43 شرف کے درجہ پر موجود رہیگا۔

لوح عطارد تیار کرنے کا طریقہ سمجھ لیں۔ عطارد کی ساعت میں باوضو علیحدہ کمرے میں اس نقش کو چاندی کی گول لوح پر کندہ کریں یا عمدہ قسم کے کاغذ پر زعفران سے تحریر کریں۔ لباس میں چنبیلی کی خوشبو یا کوئی تیز خوشبو استعمال کریں۔ اگر بتی وغیرہ بھی جلائیں۔ رجال الغیب کی سمت کا خیال رکھیں کہ وہ سامنے کی طرف نہ ہو۔ رجال الغیب معلوم کرنے کا طریقہ لکھا جا رہا ہے اسے محفوظ کر لیں۔ خصوصی عملیات میں اس کا ضرور خیال رکھنا چاہیے جس سمت موجود ہو، ادھر منہ نہ کریں۔

رجال الغیب کی سمت چاند کی تاریخوں سے معلوم ہوتی ہے اور چاند کی تاریخ غروب آفتاب سے شروع ہو کر دوسرے دن غروب آفتاب پر ختم ہوتی ہے۔ چاند کی پہلی 1، 9 اور 24 تاریخ کو جنوب مشرق میں رجال الغیب ہوتے ہیں۔ 2، 10، 17 اور 25 کو جنوب مغرب میں۔ 3، 11، 18 اور 26 کو جنوب میں۔ 4، 12، 19 اور 27 کو مغرب میں۔ 5، 13، 20 تاریخ کو شمال مغرب میں۔ 6، 21 اور

28 کو شمال مشرق میں۔ 7، 14، 22 اور 29 کو مشرق میں اور 8، 15، 23 اور 30 تاریخ کو شمال میں ہوں گے۔



م	ع	ظ	ع	ی	ل	غ
ی	م	ی	ظ	ع	ی	ل
ظ	ی	م	ی	ظ	ع	ی
ع	ظ	ی	م	ی	ظ	ع
ی	ع	ظ	ی	م	ی	ظ
ل	ی	ع	ظ	ی	م	ی
غ	ل	ی	ع	ظ	ع	م

اس نقش کے چاروں کونوں پر چار ملائکہ، جبرئیل، عزرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے نام لکھ دیں۔ پورا خاکہ پہلے سے تیار کر لیں اور عین وقت پر سات سو چھیاسی لکھنے کے بعد پہلے اندرونی خانوں میں اسمائے الٰہی یا علی یا عظیم کے حروف ترتیب وار پُر کریں۔ یعنی پہلی لائن پھر دوسری پھر تیسری اسی طرح سات لائن تک لکھتے چلے جائیں۔ اس کے بعد نقش کے باہر کے اعداد لکھ لیں۔ پھر پشت پر عطارد سے متعلق موکلات لکھیں جو یہ ہیں۔ یا نوائیل ابوالعجائب برقان۔ پھر کچھ مٹھائی پر فاتحہ دیں اور لوح کو محفوظ کر لیں۔ اسے پہننے یا پاس رکھنے کے لئے کسی بھی بدھ کا انتخاب کریں اور صبح فجر کی نماز کے بعد گیارہ سو تیس مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ اسمائے الٰہی یا علی یا عظیم کا ورد کر کے لوح پر دم کریں اور سورج نکلنے کے بعد پہن لیں۔

اس لوح کے فوائد عظیم ہیں۔ ذہنی قوتوں میں اضافہ، دماغی امراض سے شفا، تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں، فاتر العقلی سے نجات، تقریر و تحریر کی صلاحیت میں اضافہ، عطارد سے متعلق شعبہ جات میں ترقی و کامیابی۔ پیدائشی زائچے میں یا حال کے زائچے میں عطارد کی خرابیاں پریشان نہیں کرتیں۔ ان کا اثر زائل ہوتا ہے۔ برج جوزا اور سنبلہ کے لئے یہ لوح عروج و ترقی ہے۔ اس لوح کے حامل کو چاہیے کہ اسمائے الٰہی یا علی یا عظیم کو اپنے ورد میں مستقل رکھے۔ اصل تعداد کے مطابق روزانہ نہ پڑھ سکے تو کم از کم پانچ، چودہ، تیئس یا اکتالیس مرتبہ روزانہ ضرور پڑھ لیا کرے۔ دماغی امراض میں اس لوح کا پانی مریض کو پلانا چاہیے اور اسمائے الٰہی پڑھ کر دم کرنا چاہیے۔ اگر زبان میں لکنت ہو یا تحریری و تقریری معاملات میں الجھن و رکاوٹ ہوتی ہو تو اس لوح کو پاس رکھیں۔ بچوں کا دل پڑھائی میں نہ لگتا ہو یا سبق یاد نہ رہتا ہو تو ان کے لئے بھی مفید ہے۔ اگرچہ ایسے مسائل کے لیے الگ سے خاص وقت کے مطابق خاص لوح شفاء تیار کی جاتی ہے جس کا ذکر انشاء اللہ کسی خاص وقت پر کرونگا۔

دماغی امراض کے علاج یا کند ذہنی و حافظے کی خرابی، اولاد کی نافرمانی و سرکشی، تعلیم سے بیزاری کے لئے شرف کے موقع پر عطارد کی ساعتوں میں اس نقش کا کاغذ پر اکتالیس بار زعفران و عرق گلاب سے لکھ لیں اور پھر بدھ کے دن سے شروع کر کے روزانہ ایک نقش صبح پانی میں دھو کر شہد میں ملا کر پلائیں۔ چاندی کی لوح گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ اکتالیس دن کے علاج سے نمایاں فرق محسوس کر لیں گے۔ لوح عطارد مخصوص مقاصد کے لئے کسی شخص کے نام کے مطابق بھی تیار کی جاتی ہے۔ تمام طریقہ سمجھا دیا ہے اب بھی کوئی بات وضاحت طلب ہو تو خط لکھ کر یا فون پر مجھ سے یا جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

نوٹ) محترم قارئین ارادہ تو یہ تھا کہ کوئی خاص نیا عمل پیش کروں مگر سفر کی وجہ سے ایسا ممکن نہ ہو سکا ان شاء اللہ آئندہ ماہ تحفہ روحانیات میں ایک نئے مجرب عمل کے ساتھ ساتھ عمران خان کے زائچہ حلف برداری اور انکے ذاتی زائچہ پر ملکی صورتحال کو مدنظر رکھ کر بات ہوگی۔

مزید یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ 13 اور 14 ستمبر قمر درعقرب ہوگا۔ اور عطارد 57% تحت الشعاع ہوگا لہذا کوشش کی جائے کے عطارد کے اعمال اوج عطارد پر موخر کئے جائیں اور اگر اعمال بنانا ضروری ہوں تو 10 اور 11 ستمبر کے درمیانی اوقات میں بنا لیں کیونکہ اس وقت عطارد 40% تحت الشعاع ہوگا مگر چونکہ اپنے شرفی برج میں ہونے کی وجہ سے یہ رعائیت دی جاسکتی ہے۔

کشائش رزق، فتوحات کیلئے

ایسے افراد جو کشائش رزق یا کسی بھی میدان میں فتح کے خواہشمند ہوں تو وہ ذیل کا عمل ضرور کریں مجرب ترین ہے۔

"اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نصرًا عزيزاً"

بعد از نماز فجر 111 مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ملے گی۔

آسان عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات! ہر ماہ آپ کیلئے نت نئے مجرب وظائف لے کر حاضر خدمت ہوتا ہوں اس بار بھی اپنے چاہنے والوں کیلئے نئے اور آسان مجرب اعمال کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔ ان شاء اللہ آئندہ بھی ایسے ہی قارئین کی خدمت میں مجرب اعمال کے ساتھ حاضر ہوتا رہونگا۔ اگر کسی قاری تحفہ روحانیات کو کوئی ایسا مسئلہ ہو جو کہ اُس کا حل نہ ہوتا ہو تو وہ اپنا مسئلہ لکھ کر ادارہ کے ایڈریس پر روانہ کردے ان شاء اللہ اُسکی بھرپور مدد کی جائیگی۔

رجعت سے دور رہنے کیلئے

۷۸۶
صرفیائیل

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

الٰہی تو بگرواں ہر بلاراز آفتانگہ داری ھمہ رافلاں بن فلاں راز ھمہ ھا محفوظ داربحرمت ھر دو گیسو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محفوظ دار

ترکیب: اس نقش کو شرف مشتری یا شرف قمر میں لکھیں یہ چیز آپ کو مزمل جنتری یا تحفۂ روحانیات میں بڑی تفصیل سے پتہ چلے گا، ٹائم اور لوازمات کس طرح ادا کرنے ہیں، لکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کریں، سلام پھیرنے کے بعد دو ہزار بار درود شریف پڑھیں، پھر یہ نقش دو عدد لکھیں ایک نقش پانی میں گھول کر جب گھر سے باہر جانے کا ارادہ ہو، چہرے پر لگا لیا کریں، دوسرا چاندی میں ڈال کر گلے میں ڈالیں کسی عمل کی رجعت نزدیک نہیں آئے گی، گلے میں ڈالنے کے بعد ایک کلو برفی ایک کلو لڈو منگوا کر اس نقش کے مؤکلات کو ہدیہ کر کے تقسیم کریں اور ہر جمعرات کو صدقہ حسب توفیق دیتے ہیں، جادوگر کے جملے اور دشمن کے وار سے محفوظ رہیں گے جن کے کاروبار عمل کرنے پر بند ہو چکے ہیں وہ یہ عمل کریں ان شاء اللہ ناکام نہیں رہیں لیکن عبد میں روزانہ تین سو تیرہ بار درود شریف پڑھ کر سجدہ میں دعا کیا کریں یہ وظیفہ روز جاری رکھیں اگر سفر میں ہوں تو چلتے پھرتے پڑھ لیا کریں لیکن جسم صاف اور طہارت لازمی ہونی چاہئے، شاید اِس سے آسان وظیفہ حفاظت اور رجعت سے حفاظت کا مشکل ملے۔ فائدہ ہونے پر ادارہ کے لئے خصوصی دُعا کریں، سینے کا راز آپ کو مل گیا ہے۔

کشائش رزق کیلئے

۷۸۶

یا رزاق	۶	یا فتاح
۷	۴	۹
۵	۳	۱
۸	۲	۱۰
	۵	

ترکیب مبارک: اوّل تین پاؤ گوشت اپنے اُوپر سے پھیر کر قبرستان کے درختوں کی جڑوں کے پاس رکھے، بعد میں وضو کر کے گھر آنا ہے نو چندی جمعرات یا جمعہ والے دن نماز فجر ادا کرنے کے بعد وہیں بیٹھ کر یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ کا ورد سورج نکلنے تک بے تعداد کرتے رہیں، جب سورج نکل آئے گیارہ عدد اگربتی جلائیں اور خوشبو جسم پر لگائیں پھر رجال الغیب پشت پر ہوں یہ مزمل جنتری یا تحفۂ روحانیات خرید کر معلوم کر سکتے ہیں، بیٹھ جائیں پھر زعفران سے چالیس نقش لکھیں، اِن میں سے چھتیس نقش آٹے میں گولی بنا لیں اور دریا پر جا کر ایک ایک کر کے ڈالیں اپنے مطلب کا نام لے کر راستے میں جاتے وقت کسی سے بات نہیں کرنی، نقش ڈالنے کے بعد بات کر سکتے ہیں پھر گھر آ کر وضو کر کے ایک نقش مکان کے مغربی سمت لگائیں جو ہوا سے ہلتا رہے دوسرا اپنے پاس رکھیں تیسرا پھل دار درخت پر لٹکائیں چوتھا

کاروبار والی جگہ مغرب کی طرف نقش کا منہ ہو لٹکائیں اِس جگہ اور گھر والی نقش کی جگہ روزانہ ایک اگربتی سورج نکلتے وقت جلا دیا کریں ایک چلہ میں کشائش رزق خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے جو لمبے وظائف نہیں کر سکتے ، ان کے لئے یہ آسان ترین وظیفہ ہے۔ نقش کے نیچے اپنا نام اور مطلب کشائش رزق ہو لکھنا ضروری ہے۔

حصول دولت کیلئے

۷۸۶

اجب یا عقد صد یل بحق یا غنی یا قیوم

۳۰۱	۲۹۸	۲۹۱	۳۰۴
۲۹۲	۳۰۳	۳۰۲	۲۹۷
۳۰۶	۲۹۳	۲۹۶	۲۹۹
۲۹۵	۳۰۰	۳۰۵	۲۹۴

اجب یا عقصویل بحق یا غنی یا قیوم فلاں کے رزق میں وسعت ھو الساعتہ

ترکیب وظیفہ: نوچندی سوموار ساعت قمر میں لکھیں، عشاء کے بعد دو کلو شیرینی سامنے ہو گیارہ سو بار درود شریف پڑھ کر ختم شریف پڑھ کر یہ تعویذ دو زانو قبلہ رُخ ہو کر لکھیں دن کو چاندی کے تعویذ میں رکھ کر بازو پر باوضو باندھیں، یا پہلے انتظام کر لیں، لکھنے کے بعد فوراً باندھ سکتے ہیں۔ دن کو شیرینی تقسیم کر دیں، ناپاکی کی صورت میں یہ تعویذ جسم سے علیحدہ کر دیں، جسم صاف ہونے پر دوبارہ باندھ لیا کریں ہر اتوار اور پیر والے دن اگربتی کی دھونی دیا کریں یا خوشبو لگا دیں اور اپنی توفیق کے مطابق کیڑے مکوڑوں کے بلوں پر ڈال اور چینی ملا کر ڈال آیا کریں ورنہ تاثیر کم ہوتی جائے گی۔ بندش روزگار کا اہم مسئلہ ہے ایسے افراد جو کہ کسی بھی قسم کی بندش میں مبتلا ہوں، نکاح، دکان، مکان، تعلیم کی بندش ہو یا صحت کی ہو یا خواب کی بندش غرض کسی بھی قسم کی بندش ہو، بندش والے روزانہ لکھ کر پئیں، بہت ہی آسان وظیفہ ہے ذرا سی ہمت کریں آب زم زم ملا کر یا سات مسجد کا پانی اکٹھا کر کے استعمال کریں، صبح نہار منہ ایک بار پینا کافی ہے، تعویذ روزانہ نیا استعمال کریں، اپنی آنکھوں سے برکات دیکھیں گے، اگر کوئی عمل پڑھنا چاہیں تو نقش والی عبارت صبح شام ایک تسبیح پڑھنا شروع کر دیں، ایک سال کے اندر غریبی دور ہو گی، بندش دُور ہو کر رحمت الٰہی نازل شروع ہو گی، تجربہ شدہ وظیفہ ہے، روحانی معالجین کے لئے آسان اور وسعت رزق کا آسان وظیفہ ہے۔

عبارت وظیفہ: یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ۔

خاتمہ بندش عمل

ترکیب وظیفہ: کشائش رزق کی تنگی دُور ہو کرنے کے لئے یا کسی وظیفہ کی رجعت سے بیماری اور تنگی واقعہ ہو گی ہو یا کسی حاسد نے تنگی پیدا کر دی ہو اور رات کو چیزیں تنگ کرتی ہوں دور کرنے کے لئے بغیر پرہیز وظیفہ اور جگہ وقت کی پابندی کریں غیر تجربہ شدہ وظیفہ نہ کریں اور دُعائیں دیں جن کی وجہ سے آپ کو آسان وظیفہ حاصل ہوا، رات کو سونے سے پہلے خوشبو لگا کر گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں، اپنے جسم پر پھونک ماریں، پھر یہ عبارت پانچ سو بار پڑھیں اپنے سامنے گلاس پانی کا جو پہلے رکھا ہو اس پانی پر دم کر کے گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دوبارہ پانی پر دم اور جسم پر پھونک ماریں، پھر سجدہ میں دُعا کریں اور پانی پی لیں یہ وظیفہ ایک ماہ متواتر کریں، سفر میں جہاں جگہ ملے پڑھ لیں، چھوٹی بوتل جیب میں ہو، بعد میں دم کریں، اِس طریقہ سے اور دُعا کریں، حسب طاقت صدقہ دیں اور بچوں میں شیرینی تقسیم کریں، مطلب پورا ہونے ایک دیگ زردہ کی پکا کر غریبوں میں تقسیم کریں۔ ہر مذہب کا آدمی یہ وظیفہ کر سکتا ہے۔ سب کو اجازت ہے۔ اگر دیگ نہیں دیں گے تو دوبارہ پھر پریشانی لوٹ آئے گی۔

تعویز محبت

۷۸۶

صرفیائیل

م	ح	م	د
ت	س	ج	ی د
ع	ط	د	ن
ب	ش	ی	د

اجب یا روبائیل بحق متعب اجب یا تنکفیل بحق حسنطش و مخوی اجب یا دردائیل بحق دبقرد اغثنی فی قضاء حاجتی بحق یا محمدؐ فلاں بن فلاں مطیع ھو

ترکیب وظیفہ: اس تعویذ کو شمس ساعت نوچندی اتوار نماز فجر کے بعد سورج نکلنے تک اِس جگہ تصور مطلب میں بیٹھا رہے، سورج نکلنے کے بعد دو نفل اور دو نفل کی نیت حاجت پڑھے، کل چار نفل ہوئے بعد میں اگربتی چھ

عدد جلائیں اور صندل کو تلے پر جائیں پاس دو کلو مٹھائی ہو، اس پر مؤکلات کی نیاز اور آقائے دو جہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیں، یعنی ایک بار سورۂ فاتحہ شریف، تین بار سورۂ اخلاص شریف اور چودہ بار درود شریف پڑھ کر ہدیہ کریں، پھر زعفران کستوری اور عرق گلاب سے یہ تعویذ تین عدد لکھیں، ایک عدد سبز درخت پر لٹکائیں جو پھل دار ہو، ایک عدد قرآن پاک میں رکھیں، تیسرا اپنے بازو پر باندھیں، نیچے مطلوب کا نام لکھیں، پھل دار درخت پر لٹکانے والے تعویذ پر مطلوبہ بمعہ طالب کا نام لکھیں، دوسرے دن سورج نکلنے کے بعد اگر بتی جلا کر گیارہ عدد تعویذ دوبارہ لکھیں، پھر اس کی گولیاں بنا کر اُوپر آٹا لپیٹ کر دریا میں ایک ایک کر کے ڈالے، اپنے مطلب کا دھیان کر کے آخر میں حضرت خضر علیہ السلام کو سلام کر کے گھر آئیں، دوبارہ مٹھائی خرید کر اس پر فاتحہ کر کے تقسیم کریں، پہلی مٹھائی بچوں کے علاوہ اور کسی کو نہ دیں، دوسری بار نیاز مٹھائی والی سب بڑے چھوٹے اپنے پرائے استعمال کر سکتے ہیں جو محبت میں ناکام زندگی گزار رہے ہیں، ہمت کریں، بغیر محنت کے بغیر چلہ کے وظیفہ پر دو دن عمل کر کے اپنی حاجت جائز پوری کر سکتے ہیں، اگر کسی پر ناجائز کریں گے تو مؤکل آپ کو سخت نقصان پہنچائیں گے، جس کا علاج ناممکن ہوگا۔

محبت کی لاجواب بتی

ترکیب مبارک: اس پڑھائی کو یعنی بَحقِ جبرائیل بَحقِ بُدُوح کو روزانہ چار ہزار بار بیس رات تک باپرہیز پڑھیں۔ اس پرہیز کی تفصیل مزمل جنتری یا تحفۂ روحانیات جو ہر ماہ باقاعدہ شائع ہوتا ہے خرید کر معلوم کر سکتے ہیں، اس کے بعد ایک دیگ چاول پکا کر نیاز مؤکلات عمل اور قرآن پاک مؤکلات اور حضور پُرنور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر اپنے ہاتھ سے تقسیم کریں اور سو بار روزانہ اس کا ورد کرتے رہیں تاکہ عمل قابو میں رہے، جب ضرورت ہو ساعت شمس یا ساعت مشتری نو چندی ہو یہ تعویذ گیارہ عدد لکھیں، نیچے نام لکھیں، ہر نقش پر ایک ایک تسبیح عمل کی پڑھ کر روئی سے بتی بنائیں اور روزانہ ساعت مشتری یا ساعت شمس میں چنبیلی کے میٹھے تیل میں شہد ڈال کر جلائیں، کم از کم ایک گھنٹہ چراغ کا لازمی ہے، رات سونے سے پہلے یہ عمل زیادہ زود اثر ہے، آپ کا مخالف جب تک آپ سے آ کر نہیں ملے گا رات کو سو نہیں سکے گا، جو عمل کرتے کرتے تھک گئے ناکامی کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آیا اور جو کسی کے پاس جانے سے کتراتے ہیں وہ کریں اور فائدہ حاصل کریں، نئے سال کا مبارک عمل آپ کے ہاتھ میں بغیر کسی کی سفارش آپ کو مل گیا، سب کے لئے دعا کریں، اپنی کامیابی کے بعد گھر بیٹھے اس عمل کے کامل بن کر اپنی مشکل حل کر سکتے ہیں، جب کسی کے لئے وظیفہ کریں دُعاؤں میں یاد رکھیں اور اس وظیفہ کی نیاز لازمی دیں۔

اولاد نرینہ، استقرار حمل

ترکیب عمل تعویذ: یہ تعویذ اولاد نرینہ استقرار حمل نہایت مؤثر ہے، کشادگی دودھ عورت و حیوانات کے لئے بہت اچھا ہے، فراخی رزق کے لئے بھی مفید ہے، اس کو نو چندی اتوار سورج نکلنے سے پہلے یعنی فجر کی نماز با جماعت ادا کر کے سیدھا گھر آ کر اپنی جگہ صاف کر کے اگر بتی کا پیکٹ جلا کر یہ لکھیں، زیادہ بھی تحریر عامل کر سکتا ہے لیکن جس کو دے اس سے مٹھائی سوا کلو منگوا کر فاتحہ خوانی کرے جو یاد ہو اور ثواب پہنچا کر تقسیم کر کے باندھنے اور ایک پینے کے لئے دے، ثواب مؤکلات تعویذ اور ختم مبارک پڑھ کر بچوں میں تقسیم کریں تعویذ یہ ہے:

بسم اللہِ الرحمٰن الرحیم
علی علی علی علی علی علی
ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ
س س س س س س
ھوہ عشر ھیا اھیًا
اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ الوحاء

☆☆☆☆

لوح مشتری

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی، 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال و زر کا خزانہ۔ (اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

0333-6158193

وظائف وسعت رزق

تحریر :۔سیدہ زہرا بتول (ننکانہ صاحب)

قارئین کرام! السلام علیکم! اللہ رب العزت کی توفیق اور آئمہ معصومین کی تصدق سے قارئین تحفہ روحانیت کے لئے چند مجرب الجر ب وسعت رزق کے لئے چند اعمال و وظائف پیش کررہی ہوں آپ ان اعمال و وظائف کاورد کریں اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یادرکھیں۔

دورحاضر میں ہرانسان بے روزگاری، تنگی رزق کے پیش نظر در بدر پھر رہا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کے سدباب کے لئے روحانیت سے کس طرح استفادہ حاصل کیا جائے۔اس مشکل کو حل کرنے کے لئے تمام مؤمنین بہن بھائیوں کے لئے چند اعمال و وظائف پیش کررہی ہوں ان اعمال سے ہرمؤمن اور مؤمنہ استفادہ حاصل کرسکتا ہے، میری طرف سے اجازت ہے۔

فتح و کامیابی کیلئے

بعدازنماعشاء 111 مرتبہ توجہ ویکسوئی سے پڑھیں۔

"اِفتحُ ابوابَ فَتحِکَ لی یَا مُفتح الابوابَ وافتحُ لی کُلِّ اَبوابِ برحمَتِکَ یَا اَرْحَم الرَّاحِمِیْن"

اوّل وآخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ان شاءاللہ رزق میں اضافہ برکت اور فتوحات حاصل ہوں گی۔

اضافہ رزق کیلئے

ذیل کے وظیفہ کی برکت سے فتوحات حاصل ہوں گی، کشائش رزق کے لئے ذیل کا وظیفہ مجرب ہے اس وظیفہ کی برکت بہت عجیب ہے خلوص نیت سے اس وظیفہ کو کریں یہ وظیفہ ان لوگوں کے لئے نایاب گوہر ہے جو کہتے ہیں کہ کوئی مجرب ذاتی وظیفہ عنایت فرمائیں نیکیوں میں کثرت اور اضافہ رزق حاصل ہوتا ہے۔قرب الٰہی کیلئے یہ وظیفہ مجرب ہے۔

"سُبحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبحَانَ اللّٰہِ العَظِیم وَبِحَمْدِہٖ اَستَغْفِرُ اللّٰہ

11 مرتبہ بعدازنمازعشاءاوّل وآخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

شفائے امراض

بعدنماز فجر اور بعدازنمازعشاء 110 مرتبہ اول وآخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔بیماری کیلئے پانی پردم کرکے مریض کو پلائیں۔ان شاءاللہ شفاہوگی۔

"اَستَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ"

قرض سے نجات کیلئے

"اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ"

بعدازنماز فجر اور بعدازعشاء 111 مرتبہ پڑھیں اوّل وآخر درود پاک 11 مرتبہ پڑھیں۔

خاتمہ بندش رزق

"یَا فَتَاحُ یَا رَزَاقُ"

797 مرتبہ اوّل وآخر درود پاک 11 مرتبہ پڑھیں۔40 یوم تک ورد میں رکھیں، ان شاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

مصائب و مشکلات کا خاتمہ

450 مرتبہ پڑھیں بعدازنماز عشاء اوّل وآخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ "حَسْبُ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل"

ان وظائف کی تمام مومنین اور مومنات کو عام اجازت ہے، خود بھی ورد کریں اور دیگر احباب کو بھی ان وظائف سے مستفید ہونے کے لئے یہ رسالہ تحفہ کریں اس کی برکت سے ہرمشکلات حل ہوں گی، دُعا ہے کہ اللہ پاک آئمہ معصومین کے صدقے اوران اعمال کی برکت سے ہرمومن ومومنہ کا رزق کشادہ ہو، آمین!

جدہ نیوز ایجنسی ،توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049 ادارہ روحانیات

سیارگان کی نحوست' صدقہ کا اثر

تحریر:۔ خضر عباس بیاسی (راجن پور)

یہ بات مانی ہوئی ہے کہ ہر مذہب صدقہ کے نیک اثرات کو تسلیم کرتا ہے۔ مذہب اسلام میں شرعی طریقہ پر اس کو بہت اہمیت حاصل ہے اس لئے اسلام نے ہر مصیبت کو دُور کرنے کے لئے صدقہ کیا ہے۔ چنانچہ اس بات میں حضرت پیغمبر اسلام کا پیغام ہے کہ قضا کو کوئی چیز نہیں روک سکتی۔ مگر صدقہ اور دُعا۔ اس بات کو سب جانتے ہیں کہ ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے مگر ہم اس وقت کو ایک اچھے اور بہتر طریقہ پر گزارنے کے لئے اچھائی کی طرف پلٹ سکتے ہیں اور وہ طریقہ صدقہ اور خیرات ہے چنانچہ اکثر حضرات دریافت فرماتے رہتے ہیں کہ سیارگان اور وقت کی نحوست کو دفع کرنے کے لئے کیا کرنا چاہئے۔ چنانچہ ایسے ناواقف حضرات کی آگاہی کیے لئے اسی سلسلے میں وہ طریقہ درج کیا جاتا ہے جس کو روحانی معالجین ایسے وقت کے لئے عینی جب کہ سیارگان یا اوقات کی نحوست بروقت شروع کرنے چلہ کشی سدراہ ہو رہی ہو مقرر کیا ہے اور چونکہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ یہ تغیر تغیرات سیارگان سے ہے۔ اس لئے اس ستارے کا متعلقہ صدقہ اور وظیفہ دافع نحوست بہترین فائدہ دے کر منزل مقصد کو ختم کر دیا کرتا ہے اور جو بارہا روحانی معالجین کا تجربہ ہو چکا ہے۔ رسالہ ہذا کے صفحات کی زینت بنایا جا رہا ہے تاکہ ضرورت پڑنے پر صاحبان ضرورت استفادہ کر سکیں اور بغیر کسی روک ٹوک کے اپنے ارادے میں کامیاب ہو سکیں۔

ذیل کی جدول میں سیارے کے نام کے ساتھ اسم باری تعالیٰ تعداد خواندن وسمت اور اسی کی ساعت برائے عمل اور صدقہ بھی دیا گیا ہے تاکہ بوقت ضرورت ہر بات یکجائی طور پر صاحبان حاجت کو مل سکے۔ اوّلاً دریافت کریں کہ اس ستارے کی نحوست ہے۔ اس کے بعد اس ساعت میں اس کے مطابق عمل پڑھیں اور صدقہ دیں ان شاء اللہ نحوست دور ہو جائے گی۔ اسمائے باری تعالیٰ ورد کرنے سے پہلے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا لازم ہے۔

دُعا ردِّ بلا: ۔اس دُعا کو ستر بار پڑھیں۔ **یا اللہ یا محمد یا علی فاطمہ یا حسن یا حسین یا صاحب الزمان ادرکنی ولا تملکنی** ۔ایک سو بار پڑھے ہر مقصد پورا ہوگا اور اگر بیمار صبح بیدار ہوتے ہی سات دن تک پڑھے تو ان شاء اللہ اس مرض سے نجات پائیگا۔

تسخیر حکام:۔

یا رحمن کل شئی و راحمه یا رحمن ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کریں جب بھی کسی حاکم کے سامنے جائیں یہی عمل کریں اور اپنے گھر میں حاکم کے مکان کی طرف متوجہ ہو کر یا مقلب القلوب۔ دو سو بار پڑھ کر دُعا کریں، ہمیشہ حکام مہربان رہیں گے اور حق تعالیٰ اُن کے دل مسخر کر دیں گے۔

سحر و جادو کا علاج:۔ یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذو تنفذون الا بسلطان (الرحمٰن 2ر)

ستر بار اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مکان و دکان یا جس جگہ جادو کا اثر ہو اس جگہ چھڑکیں۔ مکان اور دکان کی دیواروں پر چھینٹے ماریں۔ آدمی پر ہو تو دم کر کے پانی پلائیں۔

کشادگی رزق و ترقی کاروبار:۔ یا باسط الدین بالعظیة یا باسط دائما

روزانہ کسی ایک نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر ایک نشست میں ایک ہزار بار پڑھیں تو مقصد میں جلد کامیابی ہوتی ہے۔ جب حاجت پوری ہو جائے تو ایک سو بار روزانہ جاری رکھیں تو رزق کشادہ ہوگا اور کاروبار میں ترقی ہوگا۔

ہر درد کا علاج:۔ اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو یا جسم کے کسی حصہ میں درد ہو تو اس جگہ ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار بسم اللہ الرحمٰن پڑھیں اور سات بار یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔

اعوذ بعزة الله و قدرته من شرما اجدوا حاضر۔

عمل یا وھاب: ۔یا وہاب اس کی چودہ لاکھ بار پڑھنا۔ بعد ادائے زکوٰۃ کے بعد روزانہ ایک ہزار چار سو چوالیس مرتبہ پڑھا کریں۔ وہ دنیا میں کبھی محتاج نہ رہے گا۔

دوسری ترکیب: ۔جب کوئی مشکل پیش آئے تو تہجد کے وقت غسل کر کے دوگانہ ادا کرے اور سر ننگا کر کے تین سو بار یا وہاب پڑھے۔ پھر کھڑے ہو کر خدائے پاک سے دُعا مانگے۔ پھر بیٹھ کر چار سو مرتبہ پڑھے

پھر کھڑے ہو کر اللہ سے دُعا کرے۔ پھر بیٹھ کر تین سو بیالیس مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدے میں سر رکھ کر دُعا مانگے۔ اس طرح تین شب کر لے۔ ان شاء اللہ مطلب حاصل گا۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف ضروری ہے اور تین روز تک ترک حیوانات لازم ہے۔

تعویذ لکھنے کے وقت قلم بنانے کا طریقہ

(1) زبان بندی اور خواب بندی کے تعویذ کے واسطے ساعت عطارد میں قلم بنانی چاہئے۔

(2) تپ بندی کے لئے ساعت مریخ میں قلم بنانی چاہئے۔

(3) دشمنی اور جدائی اور لڑائی جھگڑے کے واسطے ساعت زحل میں قلم بنانی چاہئے۔

(4) محبت کے لئے ساعت قمر یا مشتری میں قلم بنانی چاہئے۔

(5) ترقی روزگار، کاروبار کے واسطے سات زہرہ میں قلم بنانی چاہئے۔

تعویذات اور ان کے فوائد

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ تعویذات چار قسم کے ہوتے ہیں۔

(1) آتشی (2) بادی (3) آبی (4) خاکی

تعویذ آتشی: ۔اس کو پوست ہرن یا لوہے۔ چینی یا کاغذ جس پر بھی لکھیں اس کو آگ میں ڈالیں۔ یا چولہے کے قریب دفن کریں۔ یہ فتوحات خواب بندی اور زبان بندی کے لئے مفید ہے۔

تعویذ بادی: ۔تعویذ لکھ کر درخت یا اُونچی جگہ پر لٹکائیں۔ تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔ یہ محبت اور زبان بندی کے واسطے بہتر ہے۔

تعویذ خاکی: ۔اس تعویذ کو لکھ کر زمین میں دفن کریں یا چوکھٹ کے نیچے یا چوراہا قبرستان وغیرہ میں دفن کریں۔ یہ ہلاکی دشمن اور جدائی کے واسطے مفید ہے۔

اوقات تحریر نقوش

(1) **آتشی تعویذ** لکھتے وقت آگ یا تنور کے نزدیک بیٹھیں اور اپنا منہ مشرق کی طرف کر کے دوزانو بیٹھیں۔

(2) **اگر بادی تعویذ** لکھنا ہو تو اُونچے مکان یا ایسی جگہ پر جہاں سے ہوا کا خوب گزر ہو۔ منہ مغرب کی طرف کر کے بیٹھیں۔

(3) **اگر آبی تعویذ** لکھنا ہو تو حوض یا دریا کے کنارے شمال کی طرف منہ کر کے بیٹھیں اور اگر اپنے پاؤں پانی میں رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔

(4) **اگر خاکی تعویذ** لکھنا ہو تو خالی مکان یا ایسی جگہ جہاں کوئی نہ ہو اور اپنے پاس کوئی خوشبو عطر، پھول۔ تیل وغیرہ رکھیں اور خوشبو یا اگربتی وغیرہ جلائیں اور جنوب کی طرف منہ کر کے زمین پر ایک زانوں ہو کر بیٹھیں۔

شرائط تعویذات: ۔اگر مرد عورت سے دوستی کرنا چاہے تو عورت کا نام پہلے اور مرد کا نام بعد میں لکھے اور اگر عورت مرد سے محبت کرے۔ تو مرد کا نام پہلے اور عورت کا نام بعد میں لکھیں۔ اگر عداوت کے واسطے تعویذ لکھیں تو پہلے کاغذ بائیں ران پر لکھیں اور پھر قلم ہاتھ میں لے کر کوئی کھٹی یا تلخ شے منہ میں رکھے، تیل میں تھوڑا سا سرکہ ملا کر بخورات جلائے اور آخر مہینے میں لکھے تو فائدہ ہوگا۔ عداوت اور جدائی کا تعویذ منقوعہ عورت کے واسطے نہ لکھیں۔ ورنہ گنہگار ہوگا۔ اب اگر زبان بندی یا خواب بندی کے لئے تعویذ لکھیں تو تھوڑا موم منہ میں رکھے اور موم کو دانتوں میں دبا دے تاکہ منہ بند ہو جائے اگر نیک کام کے لئے تعویذ لکھنا ہو تو سعد وقت میں لکھے اور اگر بُرے کام کے لئے لکھنا ہو تو نحس وقت میں لکھے، مثلاً زحل نحس اکبر ہے اور مشتری سعد اکبر ہے۔ مشتری کی ساعت میں تعویذ محبت اور کسی کا حاضر ہونا اور بیماری کا دفع ہونا وغیرہ کے لئے تعویذ لکھنا چاہئے۔ مریخ نحس اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور کسی کا حاضر ہونا اور بیماری کا دفع ہونا وغیرہ کے لئے تعویذ لکھنا چاہئے۔ مریخ نحس اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ ہلاکی دشمن وغیرہ لکھنا چاہئے۔ شمس سعید ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت شفاء امراض وغیرہ کے لئے لکھنا چاہئے۔ زہرہ سعد اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور خواب بندی اور زبان بندی لکھنا چاہئے۔ عطارد سعد ہے۔ اس کی ساعت میں بھی تعویذ محبت ہے۔ خواب بندی یا زبان بندی لکھنا چاہئے۔ قمر بھی سعد ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور شفاء امراض وغیرہ لکھنا چاہئے۔

بخورات: ۔روحانی معالج کو چاہئے کہ تعویذ لکھتے وقت یا وظیفہ کرتے وقت اس ستارے کی بخورات جلا دے۔ جس کے لئے تعویذ لکھا جائے اور محبت دونوں ستاروں کے مقررشدہ بخورات جلانا چاہئے۔ تعویذ محبت لکھتے وقت دائیں طرف محب کا بخور جلانا چاہئے اور بائیں طرف محبوب کے ستارے کے بخورات جلانا چاہئے۔ اگر دونوں کا ستارہ ایک ہی ہو تو اس ستارے کے بخورات اپنے سامنے جلانے چاہئیں۔ اگر تعویذ بغض و دشمنی کے لکھنا ہوں تو دونوں کے بخورات جلانے چاہئیں۔ اگر جن بھوت اور آسیب وغیرہ کے لئے عمل کرنا ہو تو گوگل اور ہینگ اور سرسوں کا بخور جلانا چاہئے۔ وظائف پڑھنے کیلئے قمری مہینوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ چنانچہ ہر مہینے میں تین تین عشرے مقرر کئے گئے ہیں۔ پہلا عشرہ۔ کشائش رزق۔ فتح بندی کیلئے ہے۔

☆ایک تعارف☆

مکمل نام ؟خواجہ سلمان علی

تاریخ پیدائش یا عمر:۔24 مئی 1988

شہر وملک ؟ کراچی (پاکستان)

روحانی علاج گاہ کا نام ؟اشرفیہ عالیہ جیلانیہ

کیا حکمت بھی کرتے ھیں ؟شوق تو بہت زیادہ ہے مگر ابھی تک نہیں کی

کس قسم کے روحانی مریض آپکے پاس آتے ھیں ؟ابھی صرف روحانی وظائف کی چلہ کشی کر رہا ہوں باقاعدہ طور پر شروع نہیں کیا۔

روحانیت میں کتنا ورصہ سے وابستگی ھے ؟ ویسے تو بچپن سے جنون کی حد تک شوق تھا لیکن باقاعدہ طور پر 2007ء سے سیکھ رہا ہوں۔

استاد محترم کا اسم مبارک؟جناب محترم قیصر خان

روحانی ماھنامہ تحفہ روحانیات بارے میں اظھار خیال ؟بہت اچھا رسالہ ہے ہر ماہ بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔

تحفہ روحانیات کس طرح آپ تک پھنچا ؟2006ء سے بک سٹال سے خود خرید کر پڑھتا ہوں میں مفت رسالہ کا عادی نہیں۔

اب تک کتنے دوستوں کو تحفہ روحانیات متعارف کروا چکے ھیں؟

روحانیت سے تعلق رکھنے والے کئی دوستوں کو متعارف کروا چکا ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جادو کے متاثرہ مریضوں کی تشخیص کے وظائف

(عبدالرحمٰن، مسقط اومان)

پہنے ہوئے کپڑے سے تشخیص کرنا

مریض کا ایک رات کا پہنا ہوا کپڑا (بنیان، قمیض یا شمیز) لیں اور اس پر بالشت سے نشان لگائیں پھر اس پر 7 بار چہل کاف پڑھیں اور پھر ناپیں' اگر کپڑا بڑھ جائے تو اثر جنات کا ہے' کم ہو جائے تو جادو کا ہے' کچھ تبدیلی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔ جو نتیجہ نکلے اسکو نوٹ کر لیں۔

پھر دوبارہ کپڑے پر دم کریں مذکورہ اصول پر دوبارہ نتیجہ دیکھ لیں اسی کے مطابق علاج کریں۔

کھلا کر تشخیص کرنا

مریض کے متعلق معلوم کرنا مقصود ہو تو کہ مرض روحانی ہے یا جسمانی تو برگ نیم چار عدد لے کر ایک پتہ پر یہ آیت 303 بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلا دیں۔ آیت یہ ہے۔

لا یجلیھالوقتھاالاھو

اگر ذائقہ کڑوا ہے تو مرض بدنی ہے اگر ذائقہ نمکین ہے تو علامت سحر یا جادو ہے۔

اگر ذائقہ میٹھا ہے تو اثر آسیب ہے

الم المص المر

3 بار چینی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں اگر کڑوا ہے تو سحر ہے اگر زیادہ میٹھا ہو جائے تو سایہ ہے۔

نقش کے ذریعے تشخیص کرنا

آسیب وسحر مریض کو معلوم کرنے کیلئے یہ نقش لکھیں اور یہ اسماء 7 مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کر کے مریض کے ہاتھ پر رکھ دیں۔ اور یہی اسماء 7 مرتبہ پڑھ کر مریض پر پھونک دیں اگر سحر (جادو) ہوگا تو سر اور کان بھاری ہونگے۔ اگر آسیب ہے تو مریض کے ہاتھ کانپے گے۔ اگر بدنی مرض ہے تو کچھ اثر نہ ہوگا اور مریض حسب حال رہیگا۔ اسماء یہ ہیں۔

مَلخَشفًا مَلخَشفًا مَلخَشفًا مَلخَشھَا لَنَاتِنَا اَمَم عَلَق بحَق سُلَیمَانَ بنِ دَاود عَلیہِ السَّلام حاضر آبند شو بند

دھاگہ ناپ کر تشخیص کرنا

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا

(دھاگہ) ناپیں۔ پھر اس دھاگہ پر 7 مرتبہ سورۃ مزمل اول آخر 11،11 بار درود شریف پڑھ کر دم کریں اور دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔

اگر کم ہو جائے تو سحر ہے۔

اگر بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔

اگر دھاگہ قد کے برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک نیلا ڈورا (دھاگہ) ناپ کر 7 مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر پھونکیں۔

سحر و آسیب ہونے کی صورت میں دھاگہ بڑھ جائیگا۔

جسمانی بیماری ہونے کی صورت میں دھاگہ چھوٹا ہو جائیگا۔

عزیمت یہ ھے:۔ اَقسمتُ عَلَیکُم یَا شَنتَارَن اَخبِنِی بِالاِ سرارِ الجَلّی وَالخَفّی بِحَق وُوِیَای یُو سَف عَلَیہِ السَّلام وَ بِحرمَتِ لَا یَعلَم الغَیبَ اِلّا ھُوَ

وار کر جلا کر تشخیص کرنا

یہ عمل حضرت شیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہ کا ہے۔ حضرت رحمہ اللہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ کے ہم اثر تھے۔

ایک کورا سکورا لے کر اس پر ذیل کے حرف 7 مرتبہ لکھیں پھر انکو مریض سے 7 بار اتاریں۔ پھر آگ میں ڈالیں اور آگ کو خوب روشن کریں۔

اگر حرف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے۔

اگر حرف سرخ پڑ جائیں تو چڑیل کا اثر ہے۔

اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب پری ہے۔

اگر حروف رہیں تو مرض بدنی ہے۔

جو حروف تحریر کئے جائیں وہ یہ ھے:۔

ا ا ۱۳۸ ۵ ع ۹ ح ع ۱۱۱۲ ۳

اس حروف کو لکھ کر مریض پر سے وار کر آگ میں ڈال دیں۔

اگر حروف کا رنگ سفید ہوں تو سحر ہے۔

اگر حروف غائب ہوں تو زبردست جن کا اثر ہیں۔

اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب ہے۔

اگر حروف سیاہ رہیں تو جسمانی مرض ہے۔

بازو ناپ کر تشخیص کرنا

مریض کے داہنے بازو پر مریض کے بائیں بلشت رکھوا کر نشان لگائیں پھر 7 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح 3 بار دم کریں۔

اگر نشان بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔

اگر نشان کم ہو جائے تو جادو کا اثر ہے۔

اگر مرض برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

روحانی معالج اپنی بالشت سے بھی مریض کے بازو پر رکھ کر تشخیص کر سکتا ہے۔

مریض پر دم کر کے تشخیص کرنا

مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر اس پر مندرجہ ذیل قرآنی آیات دم کریں۔

درود شریف 1 بار، سورۃ فاتحہ 7 بار (بوصل میم بسم اللہ) درود شریف 1 بار

اگر مریض کا جسم بوجھل ہو جائے یا مریض جھوم اُٹھے تو آسیب کا اثر ہے۔

اگر مریض کا جسم ہلکا محسوس ہو تو جادو کا اثر ہے۔

اگر ان دونوں علامتوں سے کوئی بھی ظاہر نہ ہو تو جسمانی مرض ہے۔

دور کے مریض کی تشخیص کرنا

اس سلسلہ میں بہت سے روحانی معالجین سوال کرتے ہیں کہ ہمارے ہاں تو کوشش یہی کی جاتی ہے کہ کپڑا منگوایا جائے۔ مریض کے داہنے ہاتھ پر ایک پٹی بندھوا دیتے ہیں۔ پھر یہ مریض رات کو سو کر صبح وہ پٹی اتار کر بھیجتا ہے۔ اس طرح تھوڑے سے وزن میں بذریعہ ڈاک مکمل گھر کے کپڑے آجاتے ہیں۔ پھر کپڑے کی تشخیص کے طریقہ پر تشخیص کرتے ہیں۔ اگر کوئی کپڑا نہ بھجوا سکے تو حالات کے مطابق علاج دے دیتے ہیں۔ دور سے مریض کی تشخیص کرنے کے دو ہی طریقے معتبر ہیں۔ ایک طریقہ کشف کا ہے اور دوسرا جنات کے ذریعے۔ جنات چاہے حاضرات کے ہوں یا ظنی رابطے والے ہوں یا پھر ظاہری حاضری والے۔ روحانی وظائف میں یہ دو ہی طریقے ہیں۔

کشف (مراقبہ) والا معاملہ اب بہت مشکل ہے البتہ جنات سے رابطہ کیلئے ہمارے ہاں طریقہ علاج سکھلایا جاتا ہے اس سے روحانی معالج مریضوں کا علاج بھی کر سکتا ہے اور دور کے مریض کی تشخیص بھی کر سکتا ہے۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

لوح شرف مریخ

قوت، شجاعت، دشمن پر غلبہ شر سے محفوظ، حصول اعلیٰ مرتبہ، افسران بالا عزت وتوقیر کرے، عہدہ پر ترقی، جسمانی قوت، خون، معدہ، امراض بلغم، لقوہ اور قولنج کے مرض سے نجات پانے کیلئے، مردانہ شجاعت، خوبصورتی، قوت مردمی میں اضافہ خواتین پر غلبہ پانے کیلئے خاص لوح تیار کی جاتی ہے۔ لوح شرف مریخ کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بک کروائیں۔

لوح شرف عطارد

پاگل پن، مرگی، جنونی کیفیت، دماغی دورے پڑنا، کند ذہنیکے خاتمہ کیلئے اس کے علاوہ من پسند شادی والدین عزیز و اقارب میں عزت ومرتبہ اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف عطارد سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح شرف عطارد کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بک کروائیں۔

لوح شرف قمر

انعامی چانس میں کامیابی، مردانہ وجاہت، من پسند جگہ پر شادی اور خوبصورتی میں اضافہ کیلئے اور دفع بندش اولاد، نکاح اور حصول علم، تسخیر خلق و کاروبار جیسے امور میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف قمر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف قمر کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بک کروائیں۔

بچے کا پیدائشی زائچہ بنوا کر نام رکھیں۔ رشتہ طے کرنے سے قبل ادارہ روحانیات سے ستارے لازمی ملوائیں تا کہ بعد میں آنے والی پریشانیوں اور مصیبتوں سے بچا جا سکے آپ کے نام کے مطابق نگینہ دستیاب ہیں جس شخص نے یہ تمام الواح حاصل کر لی اس سے بڑا خوش نصیب دنیا میں اور کوئی نہیں۔

ھدیہ الواح:۔ عام لوح 4200 خاص لوح 7200 بہت خاص لوح 9200



Dspepsia بدہضمی کا دیسی علاج

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

علامات:۔بدہضمی یا کھانا ہضم نہ ہونے کی صورت میں نظام انہضام کے اعضاء میں درد ہوتا ہے۔ پیٹ میں گیس بھر جاتی ہے۔ بھاری پن، بے چینی محسوس ہوتی ہے، جی متلاتا ہے، قے ہوجاتی ہے۔

بدہضمی کا مطلب ہے کھانا، ہضم نہ ہونا جبکہ بدہضمی کے دستوں کو اسہال یا سنگرہنی کہا جاتا ہے۔اس کی مزید علامتوں میں پیٹ کے بالائی حصے میں درد رہنا، ڈکاریں آنا، پیٹ بھرا بھرا ہونا، پیٹ کا پھول جانا وغیرہ آتا ہے۔

وجوہات:۔بدہضمی کسی عام وجوہات میں زیادہ کھالینا، جلدی میں غذا کھانا، غذا کو اچھی طرح چبا کر نہ کھانا، غصے یا حالت غم میں غذا کھانا، دماغی مصروفیت اور تردد کے وقت کھانا کھانا، غذا میں زیادہ روغن ہونا، قبض کی صورت میں غذا کھانا، کچھ مخصوص غذائیں جیسے ککڑی، مولی، گوبھی، بینگن وغیرہ کھانے سے بھی بدہضمی کی شکایت ہوجاتی ہے۔بعض اوقات ایسی غذا کھالینا جو پوری طرح پکائی نہ گئی ہو، زیادہ تمباکو نوشی اور کھانا کھانے کے وقت زیادہ ہوا کھا جانے سے بھی بدہضمی ہوجاتی ہے۔

علاج:۔1۔ہمیشہ غذا کو خوب چبا چبا کر کھانا چاہئے۔

2۔غذا کا انتخاب مزاج وحالت کے مطابق کرنا چاہئے۔

3۔غذا ہمیشہ متوازن کھانی چاہئے۔

4۔غذا کھانے کے فوراً بعد تمباکو نوشی نہیں کرنی چاہئے۔

5۔غذا ہمیشہ ہنستے ہوئے، خوش مزاج ہوکر کھانی چاہئے۔

6۔غذا کھالینے کے بعد اپنے آپ کو گھبراہٹ اور ہیجان سے دور رکھنا چاہئے۔

7۔دہی میں نمک، سیاہ مرچ اور بھنا ہوا زیرہ ملا کر کھانے بدہضمی کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

8۔ایسی صورت میں لیموں کاٹ کر اس پر نمک ڈال کر گرم کرکے چوسنا مفید ہے

9۔امرود بدہضمی اور اپھارہ کا بہترین علاج ہے۔

10۔باتھو کے ساگ کا رس پینا اور باتھو بطور سبزی پکا کر کھانا بدہضمی کے علاوہ جگر، تلی گلس، بواسیر اور پتھری کا عمدہ علاج ہے۔

11۔دولونگ جلتے ہوئے آدھے کپ پانی میں ڈال کر نیچے اتار لیں۔ٹھنڈا کرکے پی لینے سے بدہضمی کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

12۔بدہضمی جو چکنائی والی چیزیں کھانے کی وجہ سے ہو وہ لسی (چھاچھ) پینے سے ٹھیک ہوجاتی ہے۔

13۔کھانا ہضم نہ ہونے کی صورت میں پپیتا کھانا چاہے۔

14۔تلسی اور سیاہ مرچ ہر بار کھانا کھانے کے بعد چبانے سے بھوک کی کمی اور بدہضمی کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

15۔نیم کی 25 پتیاں، تین لونگ، تین سیاہ مرچ پیس کر ان تھوڑا پانی اور چینی ملا کر صبح وشام متواتر تین دن تک پینے سے نظام ہضم درست ہوجاتا ہے۔

16۔بدہضمی کی شکایت میں زیرہ، سونٹھ، سیندھا نمک، کالی مرچ ہم وزن لے کر پیس لیں۔ہر بار کھانا کھانے کے بعد ایک چمچ پانی کے ساتھ لیتے رہیں۔

17۔زیرہ دو چمچ لے کر ایک گلاس پانی میں ابالیں۔ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں اور آدھا کپ دن میں تین بار پینے سے ہاضمی درست ہوجاتا ہے۔

18۔چھوٹی ہرڑ اور اجوائن ہم وزن لے کر پیس لیں اس میں حسب ذائقہ سوندھا نمک ملا کر صبح خالی پیٹ پانی کے ساتھ پھانک لینا بدہضمی کا عمدہ علاج ہے

19۔جو لوگ اکثر بدہضمی کا شکار رہتے ہیں، ایسے افراد ہر بار کھانے کے ساتھ مولی پر نمک، کالی مرچ چھڑک دو ماہ تک کھاتے رہیں افاقہ ہوگا۔

20۔بدہضمی کی صورت میں تین گرام رائی پیس کر پانی میں حل کر کے پی لینے سے شفاء ہوجاتی ہے۔

21۔ادرک کے رس میں لیموں کا رس ملا کر پینے سے ہاضمہ درست ہوجاتا ہے

22۔دار چینی، سونٹھ الائچی کلاں تینوں ہم وزن لے کر پیس لیں۔تھوڑی تھوڑی کھاتے رہیں، تکلیف جاتی رہی گی۔

23۔پیاز کاٹ کر اس پر لیموں نچوڑ کر ہر کھانے کے ساتھ کھانے سے بد ہضمی دور ہوجاتی ہے۔

24۔پھول گوبھی کا رس اور گاجر کا رس برابر ملا کر پینے سے ہڈیوں کا درد، آنکھوں کی کمزوری اور بدہضمی کی شکایت سے چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے۔

دیگر علاج:۔بدہضمی کی تکلیف میں انگور، آم، سنگترہ، لیموں، ناریل، پپیتا، گاجر، اردرک، میتھی، چاول، اردو اور چنے کا استعمال فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیط 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ ایک نحس نظر زہرہ تربیع مریخ قائم ہو رہی ہے جس کے نحس اثرات رہینگے۔ ان ایام میں کسی سے قرض لینا اور دینا نقصان دے ہوسکتا ہے۔ جن افراد کی منگنی ہو چکی ہے اُن کا رشتہ نازک موڑ پر چلے گا۔ کسی بزرگ کی صحت خرابی کا شدید احتمال ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ مجموعی طور پر اس ماہ حالات میں بہتری اور تبدیلی آئے گی۔ ہفتہ کے اختتام تک کا وقت خوش قسمت ہوسکتا ہے اس ہفتہ کی 13,14,15 سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں جو کہ آپ کے برج کی ابتداء میں درج ہے اس لیے اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔ حکام بالا کا تعاون شامل حال رہے گا لیکن صحت کی حفاظت آپ پر فرض ہے۔ اس ماہ خوشی ملنے کا امکان ہے۔

(17 تا 24) اس ہفتہ کیفیت سیارگان شاید کسی پریشان کن مسئلے کو بھی حل کر دے گی یا کوئی اہم کام پورا ہو جائے گا اور مرتبے اور کیریئر میں کوئی بہتر تبدیلی آنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے حالات جو بھی ہوں طویل مدت میں تبدیلیاں آپ کے حق میں مفید ثابت ہونگی۔ اس ہفتہ آپ زبردستی بالکل نہ کریں اور حکمت عملی سے کام لیں اگر دوسرے آپ کی مخالفت جاری رکھیں تو مصالحت کرلیں یا پیچھے ہٹ جائیں۔ کوئی مرض لاحق ہوسکتا ہے۔ اپنا طبعی معائنہ لازمی کروئیں۔

(25 تا 30) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ جو خوشگوار خبریں اور مالی فائدہ لائے گی چند افراد کو رشتہ داروں یا سسرالی رشتہ داروں سے فائدہ حاصل ہوگا اور کچھ کو غیر متوقع طور پر روپیہ ملے گا۔ طبیعت میں اداسی رہے گی ان دنوں بات بات پر غصہ آنا شروع ہو جائیگا۔ اس ہفتہ جو کوشش کریں گے۔ اس کا انجام اچھا نہ ہو گا۔ معاہدات حسب منشاء طے نہ ہونگے۔ قانونی مسائل میں الجھنا بھی نقصاندہ ثابت ہوگا۔ جتنا ہو سکے محتاط رہیں۔

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھاب 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) آپ کی شخصیت میں مقناطیسیت پیدا ہو گی اپنی سحر انگیز شخصیت سے دوسروں کو متاثر کرسکیں گے تفریح کے پروگرام بنانے میں اہم رہیں گی گھریلو مسائل کو حل کرسکیں گے۔ خاتون خانہ کا رجحان گھریلو آرائش وتزئین کی طرف بڑھنے کا شراکت کے کاموں میں معاون افراد سے فائدہ حاصل کرسکیں گے قانونی امور توجہ طلب رہیں گے غیر ضروری کاموں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔

9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ نظر کے تحت نظام ہضم میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ چوری کا اندیشہ ہے قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل دروازے اور تالوں کی اچھی طرح پڑتال کرلیں۔ کسی پر اعتبار کرنا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کوئی کاروباری پریشانی آسکتی ہے۔

(17 تا 24) فضول قسم کے دوستوں اور فضول خرچی کے مشائل سے احتیاط برتیں۔ اس ہفتہ ثوری حضرات کوئی نیا کاروبار شروع کرسکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی بچوں کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ آپ کی صحت جسمانی کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے خواہشمند افراد کو ملازمت مل سکے گی۔ گھریلو اور کاروباری مسائل حل کرسکیں گے روپے پیسے کے لین دین احتیاط برتیں شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔

(25 تا 30) خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ کاروبار میں منافع بدستور قائم رہے گا، گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ گذشتہ کئے گئے معاہدے پر عمل درآمد کرسکیں گے۔ کاروبار کے معاملے میں کوئی اچانک سفر پیش آسکتا ہے کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی اپنے درخشاں مستقبل کیلئے کوئی اقدام کرسکیں گے آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کوئی کاروباری پریشانی آسکتی ہے۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 12 تا 13 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہوسکتا ہے مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے لیکن اس کیلئے کچھ محنت کرنا ہوگی۔

(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد 13,14 ستمبر کو درجہ شرف سے گزر رہا ہے شرفی درجات سعد قوت ہوتی ہے ان ایام میں عطارد قران مشتری قائم ہو رہا ہے۔ اس ہفتہ امکان ہے بہت اچھی ملازمت مل جائے گی یا آپ کی ملازمت میں ترقی ہو جائے یا آپ کی کوئی امید پوری ہو جائے گی۔ جائیداد کی خرید و فروخت فائدہ دے سکتی ہے۔ شیئرز اور قیمتی اشیاء کی خریداری نفع بخش ثابت ہوسکتی ہے۔ اس خاص وقت میں اپنے بگڑے ہوئے معاملات کو درست کرنے کیلئے اور عطارد کی شرفی قوتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے لوح شرف عطارد بنوا کر پاس رکھیں

(17 تا 24) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ یہ ایام آپ کے خوش قسمتی لاسکتے ہیں۔ لیکن مالی لین دین اور نئے کاروبار کی ابتداء نہایت محتاط کریں۔ نئی رشتہ داریاں بنانے کے لئے یہ وقت مناسب ہے۔ سیر تفریح کا پروگرام بنائیں۔

(25 تا 30) اس ہفتہ عطارد تثلیث مریخ کے سعد اثرات اثر انداز ہونگے سیارگان کے درمیان قائم آنے والی یہ نظر برج میزان اور دلو میں قائم ہو رہی ہے۔ قلمی دوست، ٹیچر، رپورٹر، کلرک، بک سیلر، سکریٹری، اکاؤنٹنٹ سے ملنے کیلئے مفید ہے اس وقت میں بداخلاقی سے گریز کریں یقیناً آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ ایک شخص آپ کو مالی دھوکہ دینا چاہ رہا ہے احتیاط کرنی چاہئے۔ وہ خود غرض آپ کے نزدیک ہے۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) اپنی بھرپور توجہ ایسے معاملات پر دیں جن سے آپ کو خاطر خواہ فائدہ مل سکتا ہے اہل خانہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں ایک شخص آپ کی توجہ کا طالب ہے ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بگاڑنے کی کوشش نہ کرے ورنہ یہ ہفتہ ان کے لیے نہایت منحوس ثابت ہوگا اور بجائے فائدے کے ان کو نقصان ہوسکتا ہے اس ماہ عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ آپ کا سیارہ تیزی سے کئی دور سے گزر رہا ہے۔

(9 تا 16) والدین قریبی عزیز خصوصاً والد سے فائدہ ہوسکتا ہے اس ہفتہ کا آغاز اچھے طریقہ سے ہوگا زندگی میں خوشی اور غم اکھٹے ملتے ہیں۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگی صاحب اولاد افراد کی اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی مالی پوزیشن بہتر ہونے کا امکان ہے۔ شیئرز کی خریداری کیلئے بہترین ہفتہ ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں کوئی مرض بھی ہوسکتا ہے آپ کی کئی خواہشات پوری ہوسکتی ہیں۔

(17 تا 24) آپ کیلئے احتیاط کے دن ہیں۔ اس ماہ کے آخری ایام آپ کو خوشگوار زندگی کا احساس دلوائیں گے۔ ذہن اور ماحول کی تبدیلی کیلئے کسی خوش افزاء مقام کی جانب سفر کریں اور پریشانی یا ڈپریشن کو اپنے سر سے اتار کر پھینک دیں کوشش کریں کہ زندگی کا بھرپور لطف اٹھا سکیں۔ اپنے آپ کو محدود نہ کریں۔ صحت کا خاص خال رکھیں ایک دوست آپ کو دھوکہ دے سکتا ہے۔ اس دوران اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں۔

(25 تا 30) اپنی مصروفیات سے کچھ وقت اہل خانہ کے لئے بھی نکالیں۔ کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر باآسانی غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہوسکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ مخالفین میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ بہت سی تبدیلیاں اس ماہ متوقع ہیں وہ لوگ جو نیا مکان تعمیر کرنے اے نئے پلاٹ کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں جائیداد بنا سکیں گے

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسنیا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) معاملات آپ کے حق میں ہے۔ محبت کے معاملات کو نہ اٹھائیں کسی سے اظہار محبت بھی کرنا ہو تو فی الوقت خاموش رہیں۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے تھکن محسوس کریں گے لیکن سستی میں آپ نقصان کر بیٹھیں گے۔ اس ہفتہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔ ہفتہ کے آخری دو دن آپ کیلئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔ سرمایہ کاری میں لگے ہوئے روپے سے فائدہ حاصل ہوگا۔ الزامات لگائے جا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) شہنشاہ سلطنت شمس بادشاہ فلک ہے عزت مال و دولت پر حاکم یہ سیارہ آپ کے برج کا مالک ہے اس ہفتہ مفت کی دولت انعامی چانس میں کامیابی مال و عزت کا دوسرا سیارہ مشتری سے اچھی نظر قائم کر رہا ہے ان کا سمک شعاعوں کے زمین پر اثرات مرتب ہونے سے اسدی افراد ہر طرح کا فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ عزت مال و دولت شہرت کیلئے اس خاص وقت میں لوح حصول مال و دولت ضرور بنوائیں۔ لکی عدد 53 ہے۔

(17 تا 24) شمس قرن عطارد ایام میں اعلیٰ عہدہ کے لوگوں سے بھی احتیاط برتیں نکاح کیلئے اچھا وقت ہے لیکن محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں میں نہ کریں۔ کیونکہ آپ کو اس جانب سے مثبت جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ آپ کے دل کو ہلا دے گا۔ معمولی چوٹیں آ سکتی ہیں۔

